ترجمہ: یا الٰہی ! بحرمت اقوال محمد اور اعمال محمد اور حالات محمد اور اصحاب محمد ﷺ یا الٰہی ! بحرمت جسم مبارک محمد اور بطن مبارک محمد اور برکت محمد اور بیعت محمد اور براق محمد ﷺ یا الٰہی ! بحرمت ولادت محمد اور عبادت محمد اور ریاضت محمد ﷺ یا الٰہی ! بحرمت تعریف محمد اور ثواب محمد اور طہارت محمد ﷺ یا الٰہی ! بحرمت بزرگی محمد اور جلال محمد اور شرافت محمد چہرے محمد اور گیسو محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت حسن محمد اور نیکیاں محمد اور عزت محمد اور کیفیت محمد اور حلیہ محمد ﷺ یا الٰہی بحرمت خلقت محمد اور اخلاق محمد اور خطابت محمد اور خیرات محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت دین محمد اور دیانت محمد اور دولت محمد اور درجات محمد اور دعا محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت ذات محمد اور ذکر محمد اور ذوق محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت روح محمد اور سر محمد ورزق محمد اور دوست محمد اور رضا محمد ﷺ یا الٰہی بحرمت زہد محمد اور عبادت محمد اور گریہ زاری محمد اور زیب وزینت محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت سرداری محمد اور نیک بختی محمد اور سنت محمد اور رازداری محمد اور سلامتی محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت شریعت محمد اور عظمت محمد اور شوق محمد اور خوشی محمد ﷺ یا الٰہی ! بحرمت سچائی محمد اور روزہ محمد اور نماز محمد اور صفائی محمد اور صبر محمد ﷺ یا الٰہی . بحرمت چمک محمد اور سوچ محمد اور قربانی محمد اور ضعیفی محمد ﷺ یا الٰہی ! بحرمت آمد محمد اور طہارت محمد اور نفاست محمد اور طریقے محمد اور طواف محمد ﷺ

یاالٰہی بحرمت ظاہر محمد اور پشت مبارک محمد اور سایہ رحمت محمد اور ظہور محمد اور کامیابی محمد ﷺ عشق محمد اور پہچان محمد اور علم محمد اور بلندی محمد اور معرفت محمد ﷺ یاالٰہی بحرمت غربت محمد اور گوشہ نشینی محمد اور چمک محمد اور غیرت مندی محمد ﷺ یاالٰہی ! بحرمت ارشادات محمد اور شان محمد اور کفایت شعاری محمد اور قوت محمد ﷺ یاالٰہی ! بحرمت فخر محمد اور فقر محمد اور ترک دنیا محمد اور فضل محمد اور فضیلت محمد ﷺ یاالٰہی ! بحرمت کلام محمد اور کشف محمد اور کوشش محمد اور کتابت محمد اور کنیت محمد ﷺ یاالٰہی ! بحرمت عبادت شب بیداری محمد اور زیارت محمد اور قابلیت محمد اور مجاہدات محمد اور مشاہدات محمد اور ملاحفاظت محمد اور سخاوت محمد ﷺ یاالٰہی ! بحرمت ناز محمد اور نماز محمد اور مددگار محمد اور دعوت دین محمد ﷺ یاالٰہی بحرمت تشریف آوری محمد اور پاکیزگی محمد اور وجود محمد اور امانت داری محمد ﷺ یاالٰہی ! بحرمت پختہ ارادے محمد اور ہدایت محمد اور طریقے محمد ﷺ یاالٰہی ! محبت محمد اور دوستی محمد ﷺ نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق اللہ کے سوا محمد اللہ کے رسول ہیں صلی اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم بعد اس تعداد کے مطابق جو لوح وقلم میں لکھی ہوئی ہے ہر دن اور رات میں اور ساعت میں اور سانس میں دس کروڑ مرتبہ یوم علم یعنی قیامت تک آگاہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں پر نہ تو خوف طاری ہوگا اور نہ ہی وہ غمزدہ ہوں گے تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

درود قبرستان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الصَّلٰوۃُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الرَّحْمَۃُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الْبَرَکَاتُ وَصَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی صُوْرَۃِ مُحَمَّدٍ فِی الصُّوْرِ وَصَلِّ عَلٰٓی اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَآءِ وَصَلِّ عَلٰی نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِی النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰی قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰی رَوْضَۃِ مُحَمَّدٍ فِی الرِّیَاضِ وَصَلِّ عَلٰی تُرْبَۃِ مُحَمَّدٍ فِی

التُّرَابِ وَصَلِّ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَحْبَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد ﷺ پر جب تک نماز باقی ہے اور درود بھیج محمد ﷺ پر جب تک رحمت باقی ہے اور درود بھیج اوپر محمد ﷺ پر جب تک برکتیں ہیں اور درود بھیج محمد ﷺ کی روح پر درمیان روحوں کے اور درود بھیج اوپر صورت محمد ﷺ کے درمیان صورتوں کے اور درود بھیج اوپر نام محمد ﷺ کے تمام ناموں میں درود بھیج اوپر نفس محمد ﷺ کے درمیان نفسوں کے اور درود بھیج اوپر قلب محمد ﷺ کے درمیان دلوں کے اور درود بھیج اوپر قبر محمد ﷺ کے درمیان قبروں کے، اور درود بھیج اوپر روضہ محمد ﷺ کے درمیان روضوں کے اور درود بھیج اوپر جسم محمد ﷺ کے درمیان خاک کے اور درود بھیج اوپر اپنی مخلوق کے بہترین (فرد) ہمارے سردار محمد ﷺ اور اوپر ان کی اولاد کے اور ان کے اصحاب پر ان کی ازواج پر اور ان کی ذریات پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کے تمام احباب پر اور درود نازل کر اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

درود مدنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا لَّایُحْصٰی عَدَدُ ھُمَا وَلَا یَقْطَعُ مَدَدُ ھُمَا ○

ترجمہ: اے اللہ! درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو نبی امی ہیں اور آپ ﷺ کی ازواج پر جو مسلمانوں کی مائیں ہیں اور ان کی اولاد اور ان کے اہل بیت پر ایسا درود و سلام کہ نہ شمار کیا جا سکے ان کا عدد اور نہ ختم ہو ان کی زیادتی۔

درود شفاعت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ درود وسلام اور برکت بھیج اپنے حبیب شفیع المذنبین پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے تمام صحابہ پر۔

درود الفاتح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِىْ اِلٰى صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهَا الْعَظِيْمِ۔

ترجمہ: اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو ہر بند چیز کو کھولنے والے ہیں اور آپ ﷺ سابقہ کی انتہا ہیں اور آپ ﷺ حق کی حق کے ساتھ مدد کرنے والے ہیں اور آپ ﷺ صراط مستقیم کی ہدایت کرنے والے ہیں اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر اور ان کے اصحابہ پر عظیم قدر و منزلت کے مطابق درود بھیج۔

درود مصطفٰے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ۝

ترجمہ: اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے حبیب مصطفٰےﷺ پر اور ان کی آل پر۔

درود قلبی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِیْبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

ترجمہ: یاالٰہی شفیع المذنبین سیدنا اور ہمارے مولانا اور ہمارے مرشد اور ہمارے دلوں کی راحت اور ہمیں ظاہر اور باطن میں پاکیزہ کرنے والے محمدﷺ پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر اور ان کی ازواج پر اور آپﷺ کے اہل بیت پر اور اولیا امت پر اور تمام اہل اطاعت پر یوم قیامت تک رحمت نازل فرما۔

درود اوّل و آخر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ اَکْرَمِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

ترجمہ: اے اللہ اپنے اوّل اور آخر معزز حبیب پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر درود برکت اور سلام بھیج۔

درودِ اوّل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفۡضَلِ اَنۡبِیَآئِكَ وَاَکۡرَمِ اَصۡفِیَآئِكَ مَنۡ فَاضَتۡ مِنۡ نُّوۡرِہٖ جَمِیۡعِ الۡاَنۡوَارِ وَصَاحِبِ الۡمُعۡجِزَاتِ وَصَاحِبِ الۡمَقَامِ الۡمُحۡمُوۡدِ سَیِّدِ الۡاَوَّلِیۡنَ وَالۡاٰخِرِیۡنَ ۝

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج اوپر ہمارے سردار محمد ﷺ کے جو تیرے نبیوں میں افضل ہیں اور تیرے برگزیدہ بندوں میں سب سے زیادہ بزرگ ہیں جن کے نور سے تمام نور ظاہر ہوئے ہیں اور وہ معجزات والے ہیں اور مقام محمود والے ہیں اور اولین اور آخرین (سب) کے سردار ہیں۔

درودِ محمدی ﷺ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبۡدِكَ وَرَسُوۡلِكَ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ بِعَدَدِ اَنۡفَاسِ الۡخَلَائِقِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ خَلۡقِ اللّٰہِ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور حضرت محمد ﷺ کی اولاد پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں نبی الامی ہیں اس مقدار میں کہ تعداد ہو اتنی جتنی مخلوق سانس لیتی ہے درود اتنا جب تک قائم رہے اللہ کی مخلوق۔

درود چھ لکھی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ ط

ترجمہ: یا اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ پر درود بھیج اس تعداد کے مطابق جو تیرے علم میں ہے ایسا درود جو اللہ تعالیٰ کے دائمی ملک کے ساتھ دوامی ہے۔

درود قرآنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَافِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج اوپر محمد ﷺ کے اور ان کی اولاد کے اور ان کے دوستوں کے مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے اور ہر ہر حرف کے بدلے ایک ایک ہزار کے عدد کے مطابق

درود حصول رحمت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ وَسَیِّدِ اَنْبِیَائِکَ وَاٰلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۝

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ابدی اور سلام بھیج اپنے حبیب ﷺ اور انبیا کے سردار پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر پس تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

درود لا فانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ تُصَلِّیْ وَتُسَلِّمُ عَلٰی مُحَمَّدٍ اِذْ خَلْقُكَ یَفْنِیْ ط

ترجمہ: اے اللہ تو درود سلام بھیجتے رہنا محمد ﷺ پر جب تیری مخلوق فنا ہو جائے گی

درود نُوری

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِالْاَبْرَارِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الْمُنَوَّرِیْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ بِھَا سِرِّیْ وَسَرِیْرَتِیْ وَبَصَرِیْ وَبَصِیْرَتِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَعَیَالِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ط

ترجمہ: اے اللہ نور درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو نوروں کا نور ہے جو اسراروں کا سر ہے اور جو ابراروں کا سردار ہے اور ان کی آل پر اور اصحاب پر جو منور ہیں اور برکت و سلام بھیج اے اللہ منور کر دے میری روح اور جسم کو اور میری آنکھوں کو اور میری بصیرت کو اور میرے دین اور دنیا کو اور میرے اہل و عیال کو روز قیامت تک۔

حضرت موسیٰؑ کا درود شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ وَمَنْبَعِ الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْكَوْنَیْنِ وَ شَرَفِ الدَّارَیْنِ وَسَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ الْمَخْصُوْصِ بِقَابَ قَوْسَیْنِ ط

ترجمہ: الٰہی! ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج جو سب نبیوں میں آخری ہیں اسرار کی کان اور انوار کا منبع ہیں دو جہاں کا حسن اور دونوں جہان کی بزرگی ہیں جنوں اور انسانوں کے سردار اور قاب قوسین (مقدار دو کمانوں کی) کے مقام قرب کے لائق ہیں۔

حضرت علیؓ کا درود شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَآئِہٖ وَ رُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَیْہِ وَعَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ط

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور اس کے نبیوں اور اس کے رسولوں اور اس کی ساری مخلوق کے درود محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر ہوں آپ ﷺ پر اور ان پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں۔

حضرت بی بی سیّدہ فاطمۃ الزہرہؓ کا درود شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ رُّوْحُہٗ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ وَمَلٰٓئِکَۃِ وَالْکَوْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ اِمَامُ الْاَنْبِیَآءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ اِمَامُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ عِبَادِ اللّٰہِ الْمُؤْمِنِیْنَ ط

ترجمہ: الٰہی! درود بھیج اس ذات پر جن کی روح، ملائکہ اور ساری کائنات کی روحوں کی محراب ہے الٰہی! ان پر درود بھیج جو نبیوں اور رسولوں کے امام ہیں الٰہی! ان پر درود بھیج جو اہل جنت، اللہ کے مومن بندوں کے امام ہیں۔

درود انعام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ اَنْعَامِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهٖ

ترجمہ: اے اللہ! رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اتنا جتنا کہ تیرا انعام اور بے شمار فضل وکرم ہے۔

درود حفاظت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَجَرٰى بِهٖ قَلْمُكَ وَسَبَقَتْ بِهٖ مَشِيَّتُكَ وَصَلَّتْ عَلَيْهِ مَلٰٓئِكَتُكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ اِلٰى اَبَدِالْاَبَدِ اَبَدًا لَّانِهَايَةَ لِاَبْدِيَّتِهٖ وَلَافَنَآءَ لِدَيْمُوْمِيَّتِهٖ۝

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پر بے شمار اس کے جس کو تیرے علم نے احاطہ کیا ہے اور بے شمار اس کے کہ تیرے قلم نے لکھا ہے اور بے شمار اس کہ کہ پہلے ہو چکا ہے ساتھ اس کے ارادہ تیرا اور بے شمار اس کے کہ درود بھیجا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر تیرے فرشتوں نے ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا ہے تیرے دوام کے ساتھ باقی رہنے والا ہے تیرے فضل واحسان سے ابدالآباد تک کہ جس کی ابدیت کی کوئی حد نہیں اور جس کے دوام کو فنا نہیں۔

درود نعمت عظمیٰ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اَصۡحَابِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكۡ وَسَلِّمۡ۝

ترجمہ: اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور سردار محمد ﷺ کی آل پر اور سیدنا محمد ﷺ کے صحابہ پر درود برکت اور سلام بھیج۔

درود محبت الٰہی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدۡرِ حُبِّكَ فِيۡهِ۝

ترجمہ: اے اللہ ہمارے آقا محمد ﷺ پر جتنی محبت تجھے آپ ﷺ سے ہے اسی کے موافق درود و سلام بھیج۔

درود بلندیٔ درجات

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِكۡ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكۡرَمِ خَلۡقِكَ وَسِرَاجِ اُفُقِكَ وَ اَفۡضَلِ قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الۡمَبۡعُوۡثِ بِتَيۡسِيۡرِكَ وَرِفۡقِكَ صَلٰوةً يَّتَوَالٰى تَكۡرَارُهَا وَتَلُوۡحُ عَلَى الۡاَكۡوَانِ اَنۡوَارُهَا۝

ترجمہ: اے اللہ درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جو تیری سب مخلوق سے معزز ہیں اور تیرے افق کے آفتاب ہیں اور تیرے حق

کے قائم کرنے والوں سے افضل ہیں اور بھیجے گئے ہیں تیری آسانی اور نرمی کے ساتھ ایسا درود جو پے در پے دہرایا جاتا رہے اور چمکیں سب مخلوق پر اس کے انوار۔

درود جمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صَلَّ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلٰوةً دَآئِمَةً مَقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ بِهَا عَنَّا وَعَنْ اَهْلِ هٰذَا الْبَيْتِ حَقَّهُ الْعَظِيْمَ وَ تَزِيْدُبِهَا عَلَيْنَا وَ عَلٰى اَهْلِ هٰذَا الْبَيْتِ فَضْلَهُ الْعَظِيْمَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ يَا رَبِّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ اَوْلِيَآئِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِقِرَائَتِهَا وَكِتَابَتِهَا فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ رَحْمَةً وَّرَاحَةً وَّ شِفَآءً وَّ عَافِيَةً وَّرِزْقًا حَسَنًا وَّخَيْرًا كَثِيْرًا وَّسَلَامًا وَارْفَعْ بِقِرَائَتِهَا وَكِتَابَتِهَا عَنْ هٰذَا الْبَيْتِ وَاَهْلِ هٰذَا الْبَيْتِ كُلَّ بَلَآءٍ وَّوَبَآءٍ وَّفِتْنَةٍ وَّ فَسَادٍ وَّفَقْرٍ وَّكُفْرٍ وَّكَافِرٍ وَّكُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا عَفْوًا وَّعَافِيَةً اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ يَا رَبِّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ اَوْلِيَآئِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ وَعَلَيْنَا وَ عَلٰى اَهْلِ هٰذَا الْبَيْتِ مَعَهُمْ وَاجْعَلْنَا اَهْلًا لِّذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ كُلَّ يَوْمٍ وَّكُلَّ لَيْلَةٍ وَّكُلَّ سَاعَةٍ وَّكُلَّ لَمْحَةٍ صَلٰوةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ بِدَوَامِ الْمَلِكِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا

رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ سَلَامٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ سَلَامٌ عَلٰى اِلْ يٰسِيْنِ سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۝

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج اپنے نبی امی پر اوران کی آل پر اے اللہ درود بھیج ان پر اور سلام اے اللہ کے رسول آپ ﷺ پر درود اور سلام ہو اے اللہ دائمی درود بھیج جو تیری درگاہ میں مقبول ہو کثرت کر اس کے ساتھ ان پر اوران کی اہل بیت پر عظمت حق کے ساتھ اور زیادہ کر اس کے ساتھ ہم پر اوران کی اہل بیت پر ساتھ اپنے فضل عظمیٰ کے ساتھ اور رحمت نازل فرما مومنین اور مومنات اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں پر جو زندہ اور فوت پر۔ اے محمد ﷺ کے رب ان پر درود بھیج اوران کی آل پر اور آپ ﷺ کے صحابہ پر اور آپ ﷺ کے اولیاء پر برکت اور سلام ہو اے اللہ کردے جو پڑھا جاتا ہے اور لکھا جاتا ہے اس گھر میں رحمت، راحت اور شفا اور عافیت اور رزق حسنہ اور خیر کثیر اور ٹھنڈک اور سلامتی اور درود کر ساتھ پڑھنے اور لکھنے کے اس گھر سے اور اس گھر کے اہل سے تمام آفات اور وبا اور آزمائش اور فساد اور غربت اور کفر اور کافر کے اور تمام شر سے اے اللہ ہم اس کے ذریعے عفو اور عافیت کا سوال کرتے ہیں بے شک آپ کا قول اور فعل حق ہے جو میں تیرا بندہ ہونے کی صورت میں گمان کرتا ہوں اے محمد ﷺ کے رب ان پر درود بھیج اوران کی آل پر آپ ﷺ کے صحابہ پر اور آپ ﷺ کے اولیا پر برکت اور سلامتی ہو جیسا کہ وہ اس کے اہل ہیں اور جیسا کہ تیری محبت اور تیری رضا ہے اور ہم پر اور اس گھر کے اہل پر جو ان کے ساتھ ہیں کر دے ہمیں اس کے اہل بنا دے اے اللہ تمام دن، تمام رات، تمام ساعت اور تمام لمحات درود بھیج اے زندہ اور قائم رہنے والے مالک ہمیشہ ہمیشہ اے ہمارے رب ہماری ازواج اور اولاد کو آنکھوں کی ٹھنڈک کر دے اور بنا دے ہمیں اہل تقویٰ کے لیے امام اے ہمارے رب ہم وسوسے ڈالنے والے شیاطین سے تیری پناہ مانگتے ہیں اور رب کی پناہ مانگتے ہیں یہ کہ حاضر کئے جائیں اللہ کی پناہ کے ساتھ ہمیشہ رہنے والے اللہ کے کلمات

سے جو برائی میں سے ہے حضرت ابراہیمؑ پر سلام ہو حضرت موسیٰؑ پر اور ہارونؑ پر سلام اور سلام آل یاسین پر اور سلام ہو حضرت نوحؑ پر دونوں جہانوں میں اور سلام ہو مرسلین پر سلامتی ہو اپنے رب رحیم کے قول پر اور سلامتی ہو فجر ہونے تک۔

درود مستجاب الدعوات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

صَلَّ اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ ط

ترجمہ: اے اللہ اپنے امی کریم نبی پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت اور سلامتی نازل فرما۔

درود رضویہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

صَلَّ اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ اَصْحَابِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط

ترجمہ: اے اللہ اپنے امی نبی پر درود بھیج اور ان کی آل پر صلی اللہ علیہ وسلم اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر صلوٰۃ اور سلام۔

درود قطب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَ اَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ ط

ترجمہ: یا الٰہی نور الانوار اور اسراروں کے راز کھولنے والے اور اغیار کے تریاق سیدنا محمد ﷺ اور ان کی آل اطہار اور ان کے اچھے صحابہ پر رحمت نازل فرما اللہ کی بے پناہ نعمت اور فضل عطا ہو۔

درود کمالیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْكَامِلِ وَعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَانِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ○

ترجمہ: اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ نبی کامل پر اور آپ ﷺ کی آل پر درود وسلام اور برکتیں بھیج ایسی جیسی کہ تیرے کمال کی انتہا نہیں اور نبی پاک ﷺ کے کمال کا شمار نہیں۔

درود فاضل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُجَاهِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الشَّاهِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْخَآئِفِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الطَّالِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ التَّآئِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعَابِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحَامِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ

الْاَكْرَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُنْذِرِيْنَ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُبَشِّرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الطَّيِّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعَالِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
النَّبِيِّ الزَّكِيِّ النَّقِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ
الرّٰكِعِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ السَّاجِدِيْنَ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَآئِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاعِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُتَّقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سَيِّدِ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ
النَّادِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الشَّاكِرِيْنَ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحَافِظِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الذَّاكِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعَاقِلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سَيِّدِالْمُحْسِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
الْقَرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَدَنِيِّ
الْعَرَبِيِّ الْمُكَرَّمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍصَاحِبِ
الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ

الْاٰخِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَھْلِ الْاَرْضِیْنَ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المرسلین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المجاہدین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الشاہدین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الخائفین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الطالبین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید التائبین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید العابدین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الحامدین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الصالحین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الاکرامین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المنذرین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المبشرین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الطیبین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید العالمین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ نبی زکی نقی پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الراکعین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الساجدین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید القائمین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید القاعدین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المتقین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المستغفرین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید النادمین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الشاکرین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الحافظین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید الذاکرین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید العاقلین پر

درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید المحسنین پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ قریشی ہاشمی پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ مدنی عربی روز قیامت کو مکرم پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ سید اہل جنت کے سردار ہیں پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ الصاحب مقام محمود پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ صاحب صراط مستقیم پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ جو آخرین میں افضل ہیں پر درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور تمام انبیاء ومرسلین اور تمام ملائکہ مقربین اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر جو تمام آسمانوں اورزمینوں میں ہیں اور ان کے ساتھ ہم تمام پر اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ساتھ اپنی رحمت کے درود وسلام بھیج اللہ کی رحمت ہو سردار محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر اور سلامتی مجموعی طور پر اللہ کی صلوٰۃ اور سلامتی ہو ان پر۔

درود عالی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ عَالِي الْقَدْرِ عَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ۝

ترجمہ: اے اللہ درود سلامتی اور برکت عطا فرما امی نبی سیدنا محمد ﷺ پر جو تیرا حبیب عالی قدر عظیم مرتبے والا ہے اور آپ ﷺ کی آل اور صحابہ پر سلامتی عطا فرما۔

درود ثواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ترجمہ: اے اللہ ہمارے نبی ﷺ پر اور ان کی ازواج مطہرات یعنی مومنین کی ماؤں پر اور ان کے عزیزوں پر اور اہل بیت پر درود بھیج جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیمؑ اور ان کی آل پر بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

درود حصول عزت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهُ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهٗ وَاحْتِرَامُهٗ صَلٰوةً لَّاتَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَاتَفْنٰى سَرْمَدًا وَّلَاتَنْحَصِرُ عَدَدًا○

ترجمہ: اے اللہ درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جن کا مقام بہت بلند ہے جن کی تعظیم اور احترام فرض ہے ایسا درود جو کبھی منقطع نہ ہو اور کبھی فنا نہ ہو اور جسے کوئی شمار نہ کر سکے۔

درود اعلیٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ط

ترجمہ: اللہ تعالیٰ درود بھیج محمد ﷺ پر۔

درود نصرت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَاَيَّدْتَهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ وَالشَّفَاعَةِ○

ترجمہ: اللہ تعالیٰ درود بھیج اس ذات پر جس کے ساتھ تو نے رسالت کو ختم کیا اور تائید فرمائی اس کی اپنی مدد سے اور کوثر اور شفاعت سے۔

درود وسیلہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَمَآ اَحَاطَ بِہٖ عِلۡمُکَ وَاَحۡصَاہُ کِتَابُکَ صَلٰوۃً تَکُوۡنُ لَکَ رِضًی وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّاَعۡطِہِ الۡوَسِیۡلَۃَ وَالۡفَضِیۡلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیۡعَۃَ وَابۡعَثۡہُ اَللّٰھُمَّ الۡمَقَامَ الۡمَحۡمُوۡدَ الَّذِیۡ وَعَدۡتَّہٗ وَ اَجۡزِہٖ عَنَّا مَاھُوَ اَھۡلُہٗ وَعَلٰی جَمِیۡعِ اِخۡوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیۡقِیۡنَ وَ الشُّھَدَآءِ وَالصَّالِحِیۡنَ۝

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر بے شمار اس کے کہ احاطہ کیا ہے اس کا تیرے علم نے اور شمار کیا ہے اس کو تیری کتاب نے ایسا درود جو تیری رضا کا باعث ہو اور آپ ﷺ کے حق کو ادا کردے اور عطا فرما آپ ﷺ کو وسیلہ اور بزرگی اور درجہ بلند اور فائز فرما آپ ﷺ کو اے اللہ مقام محمود پر جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جزا دے آپ ﷺ کو ہماری طرف سے جس جزا کے آپ ﷺ لائق ہیں اور آپ ﷺ کے تمام بھائیوں پر انبیاء سے اور صدیقین سے اور شہیدوں سے اور صالحین سے۔

درود ماہی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ خَیۡرِ الۡخَلَآئِقِ وَاَفۡضَلِ الۡبَشَرِ وَشَفِیۡعِ الۡاُمَمِ یَوۡمَ الۡحَشۡرِ وَالنَّشۡرِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعۡلُوۡمٍ لَّکَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَ سَلِّمۡ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیۡعِ الۡاَنۡبِیَآءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَصَلِّ عَلٰی کُلِّ الۡمَلٰٓئِکَۃِ الۡمُقَرَّبِیۡنَ وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیۡنَ وَسَلِّمۡ

تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا ط بِرَحْمَتِكَ وَبِفَضْلِكَ وَبِكَرَمِكَ یَآاَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط یَاقَدِیْمُ یَادَآئِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَاصَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌO بِرَحْمَتِكَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد ﷺ پر اوران کی آل پر جومخلوق میں سب سے بہتر ہیں اور افضل بشر ہیں اور یوم حشر ونشر میں امت کے شفیع ہیں اور سیدنا محمد ﷺ پر اور محمد ﷺ کی آل پر معلوم عداد کی حدتک درود بھیج محمد ﷺ اوران کی آل پر درود اور برکت اور سلامتی ہو تمام انبیاء اور رسولوں پر درود بھیج اور تمام مقرب ملائکہ اور صالح بندوں پر زیادہ سے زیادہ درود اور سلام بھیج ساتھ اپنی رحمت اور اپنے فضل اور اپنے کرم کے اے سب سے زیادہ کرم کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ساتھ اپنی رحمت کے اے قدیم اے ہمیشہ رہنے والے اے زندہ اے قائم اے وتر اے احد اے بے نیاز جسے کسی نے جنا نہیں اور نہ وہ کسی سے جنا گیا اور نہیں اس کے جوڑ کا کوئی وہ اکیلا ہے ساتھ اپنی رحمت کے اے رحم کرنے والے رحم کر۔

درود ہزارہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ کے اوپر ہر ایک ذرّہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے اور سلام بھیج۔

درود دیدار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰهُ لَهٗ

ترجمہ: الٰہی حضور اقدس محمد ﷺ اور حضرت محمد ﷺ کی آل اولاد پر رحمت نازل فرما جس طرح تجھے محبوب پسند ہے۔

درود ناریہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَ تُقْضٰى بِهِ الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِىْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفْسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ ○

ترجمہ: اے اللہ تو درود نازل کر ایسا درود جو کامل ہو اور سلام بھیج ایسا سلام جو مکمل ہو اوپر ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد ﷺ کے جن کے ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں اور پریشانیاں رفع ہوتی ہیں اور ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اور مقاصد حاصل ہوتے ہیں اور خاتمہ بخیر ہوتا ہے اور بادل آپ ﷺ کے معزز چہرہ کو دیکھ کر سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ ﷺ کی اولاد پر اور آپ ﷺ کے دوستوں پر اور ہر لمحہ اور ہر سانس میں مطابق اپنی معلومات کے شمار کے، اے اللہ! اے اللہ، اے اللہ!

درود مجتبیٰ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ حَبِیْبِكَ الْمُجْتَبٰی وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۝

ترجمہ: اے اللہ رحمت، سلام اور برکت بھیج اپنے مقبول حبیب پر اور اپنے برگزیدہ رسول ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور سب صحابہ پر۔

درود کوثر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَا الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر اولین میں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر آخرین میں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر نبیوں میں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر مرسلین میں اور درود نازل کر ہمارے سردار محمد ﷺ پر ملاء اعلیٰ میں قیامت کے دن تک۔

درود مشاہدہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۝

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج اپنے حبیب رحمت اللعالمین ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے تمام صحابہ پر۔

درود و دعا دوا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ لَكَ الۡحَمۡدُ كَمَآ اَنۡتَ اَھۡلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَآ اَنۡتَ اَھۡلُہٗ وَافۡعَلۡ بِنَا مَآ اَنۡتَ اَھۡلُہٗ فَاِنَّكَ اَنۡتَ اَھۡلُ التَّقۡوٰی وَاَھۡلُ الۡمَغۡفِرَۃِ۝

ترجمہ: اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے محمد ﷺ پر درود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور میرے ساتھ بھی وہ معاملہ کر جو تیری شایان ہو بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے تو مغفرت کرنے والا ہے۔

درود حضوری

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیۡ مَلَّأَتۡ قَلۡبُہٗ مِنۡ جَلَالِكَ وَعَیۡنُہٗ مِنۡ جَمَالِكَ فَأَصۡبَحَ فَرِحًا مَسۡرُوۡرًا مُؤَیَّدًا مَنۡصُوۡرًا وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلِّمۡ تَسۡلِیۡمًا۔

ترجمہ: اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر ایسا درود بھیج کہ جس سے ان کا دل تیرے جلال اور ان کی آنکھیں تیرے جمال میں تر رہیں پھر سرور تائید سے آپ ﷺ خوش و شاد ہو جائیں اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے صحابہ پر سلامتی و تسلیم نازل فرما۔

درود بشارت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَمَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ الَّيْلُ وَاَضَاءَ عَلَيْهِ النَّهَارُ۝

ترجمہ: اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا اور مولا محمد ﷺ پر بے شمار اس کے جو ہو چکا، ہو رہا ہے اور جو ہوگا اور بے شمار ان چیزوں کے کہ تاریک ہوئی ان پر رات اور روشن ہوا ان پر دن۔

درود افضل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو تیرا بندہ اور تیرا نبی اور تیرا رسول نبی امی ہے اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کی ازواج پر اور آپ ﷺ کے رشتہ داروں پر اور فضیلت کی تعداد کے برابر اور اپنی ذات کی رضا کے مطابق اور اپنے عرش کے وزن کے مطابق اور اپنے کلموں کی سیاہی کے مطابق سلام ہو۔

درود نجات وبا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ وَّ بَعْدَ كُلِّ مِلَّةٍ وَّ شِفَآءٍ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ اور سردار محمد ﷺ کی آل پر مطابق تمام بیماریوں کی دوا کے تمام ملت وشفا کی تعداد کے مطابق۔

درود اعتصام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ مَمْدُوْحٍ بِقَوْلِكَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ لِّلْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِكَ وَخَاتِمِ اَنْبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ صَلٰوۃً تُبَلِّغُنَا فِی الدَّارَیْنِ عَمِیْمَ فَضْلِكَ وَكَرَامَةَ رِضْوَانِكَ وَ وَصْلِكَ۝

ترجمہ: اے اللہ درود اور سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی اولاد پر جو ان سب سے افضل ہیں جن کی تعریف تو نے اپنے کلام سے کی ہے اور ان سب سے افضل ہیں جنہوں نے تیری رسّی کو مضبوط پکڑنے کی دعوت دی ہے اور تیرے انبیا و رسل کے خاتم ہیں ایسا درود کہ پہنچادے ہمیں دونوں جہانوں میں تیرے علم و فضل تک اور تیری خوشنودی کی عزت تک اور تیرے وصال تک۔

درود طیب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اَحْمَدَ مُجْتَبٰی مُحَمَّدَ مُصْطَفٰی وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَ ذُرِّیَّاتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ ط

ترجمہ: اللہ کی صلوٰۃ ہو آپ پر اے گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے ہمارے سردار اور آقا احمد مجتبٰی محمد مصطفٰے ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے اصحابہ پر اور آپ ﷺ کی ازواج پر اور آپ ﷺ کے احباب پر اور آپ ﷺ کے رشتہ داروں پر اور آپ ﷺ کے اہل بیت پر اور تمام آپ ﷺ کی اطاعت کرنے والوں پر۔

درود ﷺ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ ط

ترجمہ: یا اللہ درود وسلام بھیج نبی (ﷺ) پر۔

درود خاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِنْ نُّوْرِ اللّٰہِ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیجئے محمد ﷺ پر آپ ﷺ اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں۔

جنتی درود شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(1) نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَ فِی الْمَلَاِالْاَعْلٰی اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ○

ترجمہ: اے اللہ محمد (ﷺ) اور محمد (ﷺ) کی آل پر جو اول و آخر ہیں ملاء اعلیٰ (فرشتوں کی محفل) میں درود بھیج قیامت کے دن تک۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(2) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ كَمَا يَنْبَغِیْ لَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ كَمَا اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَيْهِ○

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد (ﷺ) پر جو نبی ہیں اس تعداد کے مطابق جو تیری مخلوق نے درود ان پر پڑھا اور درود بھیج محمد (ﷺ) پر جو نبی ہیں جیسا کی ہماری طرف ان کے لائق ہے کہ ہم ان پر درود بھیجیں اور اللہ درود بھیج محمد (ﷺ) پر جو نبی ہیں جیسا کہ تو نے حکم دیا ہے کہ ہم ان پر درود پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(3) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرٰهِيْمَ وَ اَزْوَاجِهٖٓ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد (ﷺ) پر جو نبی امی ہیں اور ان کے اہل بیت پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیمؑ اور نبی اکرم ﷺ کی ازواج امہات المومنین پر اور ان کی اولاد پر بے شک تو تعریف والا ہے بزرگی والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(4) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ترجمہ: اے اللہ اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرما محمد (ﷺ) پر جو نبی اور ان کی ازواج امہات المومنین پر اور ان کی اولاد پر اور ان کے اہل بیت پر جس طرح تو نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ پر بے شک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(5) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد (ﷺ) پر جو نبی امی ہیں اور ان کی آل پر اور خوب سلام ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(6) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَ اُمَّتِهٖ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَااَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد (ﷺ) پر ان کی آل پر اور ان کے اصحابہ پر ان کی ازواج مطہرات پر ان کی اولاد پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کی بیویوں کے والدوں (سسر) پر ان کے انصار پر اور ان کی مدد کرنے والوں پر اور ان سے محبت کرنے والوں پر اور ان کی امت پر اور ان کے ساتھ ہم سب پر اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(7) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًا وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّ اَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ وَاَجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاَجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصَّالِحِيْنَ يَااَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ایسا درود جس میں تیری رضا ہو اور ان کے حق کی ادائیگی کا سبب ہو اور دے ان کو مقام محمود اور وسیلہ جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ہماری طرف سے ان کو ایسی جزا عطا کر جس کے وہ اہل ہیں اور جزا دے ہماری طرف سے ان کو بہت افضل۔ جس طرح تو نے جزا دی انبیاء کو ان کی امتوں کی طرف سے اور دورد بھیج تمام انبیاء پر جو آپ کے بھائی ہیں اور تمام نیک لوگوں پر اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

درود العابدین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَمُحَمَّدًا وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَ اَجْزِ مُحَمَّدًا وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ ○

ترجمہ: اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر اتنی رحمت نازل کر کہ دنیا اور آخرت بھر جائے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل کو اتنی جزا دے کہ اس سے دنیا اور آخرت بھر جائے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر اتنی سلامتی عطا کر کہ دونوں جہاں بھر جائیں۔

درود العارفین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، ذَاکِرًا وَّحَبِیْبًا وَّ مُذَکِّرًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، اَحْمَدًا وَ مُحَمَّدًا وَّسَیِّدًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، صَابِرًا وَّنَبِیًّا وَّ رَاقِبًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، غَالِبًا وَّرَحِیْمًا وَّ حَلِیْمًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، عَاقِبًا وَّ کَرِیْمًا وَّ حَکِیْمًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، عَدَلًا وَّ جَوَادًا وَّ مُزَّمِّلًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، قَاسِمًا وَّ مَهْدِیًّا وَّهَادِیًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، شَکُوْرًا وَّحَرِیْصًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، قَآئِمًا وَّحَفِیًّا وَّ عَبْدَ اللّٰهِ مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، شَاهِدًا وَّ بَصِیْرًا وَّ مَهْدِیًّا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، بَاهِیًا وَّ نُوْرًا وَ مَکِّیًّا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، شَاکِرًا وَّ وَلِیًّا وَّ نَذِیْرًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، طَاهِرًا وَّ صَفِیًّا وَّ مُخْتَارًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، بُرْهَانًا وَّ صَحِیْحًا وَّ شَرِیْفًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، مُسْلِمًا وَرَؤُفًا رَّحِیْمًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، مُؤْمِنًا وَّ حَلِیْمًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، قَیِّمًا وَّ مَحْمُوْدًا وَّ حَامِدًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَه، مِصْبَاحًا وَّ اٰمِرًا وَّ نَاهِیًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِه وَاَصْحَابِه وَ اَزْوَاجِه وَ ذُرِّیَّتِه وَ اَهْلِ بَیْتِه وَرَضِیَ اللّٰهُ عَنْ کُلِّ الصَّحَابَةِ اَجْمَعِیْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے ذاکر۔ حبیب اور مذکر۔ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیجاس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے احمد اور محمد ﷺ اور سردار محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے صابر۔ نبی اور راقب محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے غالب اور رحیم اور حلیم محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے عاقب اور کریم اور حکیم محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے عادل اور جواد اور مزمل محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے قاسم اور مہدی (ہدایت یافتہ) اور ہادی محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے شکور اور حریص (مخلوق کی بھلائی چاہنے والا) محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے قائم ھی (باخبر) اور عبداللہ۔ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے شاہد اور بصیر اور مہدی محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے باھی (خوش رہنے والا) اور نور اور مکی محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے شاکر اور ولی اور نذیر محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے طاہر اور صفی اور مختار محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے برہان اور صحیح (درست کرنے والا) اور شریف محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے مسلم اور رؤف اور رحیم محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے مومن اور حلیم محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام

رکھا تو نے قیم اور محمود اور حامد محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کا نام رکھا تو نے مصباح (روشن چہرہ) اور آمر (حکم کرنے والا) اور ناھی (منع کرنے والا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ رحمت ہو اللہ تعالیٰ کی ان پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر اور ان کی ازواج مطہرات پر اور ان کی اولاد پر اور ان کے اہل بیت پر اور اللہ تعالیٰ تمام صحابہ سے راضی ہو گیا۔

درود ثمرات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الزَّيْتُوْنِ وَجَمِيْعِ الثِّمَارِ ۝

ترجمہ: اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جتنے زیتون کے پتے ہیں اور جتنے پھل ہیں۔

درود رفاعی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْھَتْلَانِ الْاَجْفَانِ

(۱۹۳) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو امت کے لیے آنسو بہانے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمُرَغَّبِ اِلَی الْخَیْرَاتِ الْحِسَانِ

(۱۹۴) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو اچھائیوں اور نیکیوں کی رغبت دلانے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْکَلِیْمِ الْمَلِكِ الْمَنَّانِ

(۱۹۵) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو اللہ سے کلام کرنے والے احسان کرنے والے بادشاہ ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْفَصِیْحِ اللِّسَانِ

(۱۹۶) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو صاف زبان والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْبَدِیْعِ الْبَیَانِ

(۱۹۷) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو عمدہ بیان والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْعَجِیْبِ الْبَیَانِ

(۱۹۸) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو عجیب گفتگو والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ سَلِیْمِ الْجِنَانِ

(۱۹۹) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو سلامت دل والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْعَدِیْمِ الْاَقْرَانِ

(۲۰۰) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو بے مثال نسب والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْعَمِیْمِ الْاِحْسَانِ

(۲۰۱) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو عام احسان والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الطَّوِیْلِ الْاَحْزَانِ

(۲۰۲) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو امت کے غموں کو اٹھانے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ لْمُعْطِی الْاَمَانِ

(۲۰۳) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمفونِسِ الْاِنْسَانِ

(۲۰۴) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو انسانوں کے غمخوار ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمُثْقِلِ الْمِیْزَانِ

(۲۰۵) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو بھاری میزان والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمَرْفُوْعِ الشَّاْنِ

(۲۰۶) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو بڑی شان والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمُکَرَّمِ بِالرُّوْحِ وَالرَّیْحَانِ

(۲۰۷) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو راحت اور پھولوں سے مشرف ہوئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمُعْجِزِ لِلْخَلْقِ بِالْقُرْاٰنِ

(۲۰۸) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو مخلوق کو قرآن پاک کا معجزہ عطا کرنے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْفَصِیْحِ الْکَلَامِ

(۲۰۹) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو فصیح الکلام ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْفَقِیْہِ الْعَلَّامِ

(۲۱۰) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جوفقیہ اور بہت بڑے عالم ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الشَّفِیْعِ لِکُلِّ الْاَنَامِ

(۲۱۱) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جوتمام مخلوق کی شفاعت کرنے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْبَدْرِ التَّمَامِ

(۲۱۲) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو چودویں کا پورا چاند ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمُطَھَّرِ مِنَ الْاٰثَامِ

(۲۱۳) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جونجاستوں سے پاک ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْمُبَشَّرِ بِالْمَقَامِ

(۲۱۴) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو جنت کی خوشخبری دینے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ذِی الشَّرْعِ وَالْاَحْکَامِ

(۲۱۵) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جوشعریت اوراحکام والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ذِی الْجُوْدِ وَالْاِکْرَامِ

(۲۱۶) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما سخی اور کرم والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ذِی الْعَفْوِ وَالْاِنْعَامِ

(۲۱۷) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جومعاف کرنے والے اور انعام دینے والے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ اَفْضَلِ الْکِرَامِ

(۲۱۸) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جوبہترین کرم والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ

(۲۱۹) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جوخلق عظیم کے مالک ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ذِی الْقَلْبِ السَّلِیْمِ

(۲۲۰) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جوسلامت دل والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ذِی الْوِرْدِ الْمُسْتَقِیْمِ

(۲۲۱) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو درست وظیفہ والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ذِی الْعَطَآءِ الْجَسِیْمِ

(۲۲۲) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو بڑی عطا والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ذِی الْجَنَّۃِ النَّعِیْمِ

(۲۲۳) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو جنت نعیم کے مالک ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ذِی السَّیِّدِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ

(۲۲۴) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو سردار مہربان اور رحم کرنے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ الْمَلِكِ الْقَدِیْمِ

(۲۲۵) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو بہت بڑے بادشاہ ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ذِی الْکَرَمِ الْعَمِیْمِ

(۲۲۶) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو عام کرم کرنے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ذِی الْعِزَّۃِ الْمُقِیْمِ

(۲۲۷) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو بڑی عزت والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ السَّیِّدِ الْحَکِیْمِ الْکَرِیْمِ

(۲۲۸) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو سردار حکیم اور کریم ہیں

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنَا الْمَرَامِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(۲۲۹) اے اللہ ہمیں ہمارا مقصد عطاء فرما اے بزرگی اور جلال والے

یَاذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ

(۲۳۰) اے بخشش اور انعام والے۔

(حصہ چہارم)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کی نام سے شروع جو نہایت ہی مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

(۱) اے اللہ کے نبی آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

(۲) اے اللہ کے رسول آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ الْاَنْبِیَآءِ

(۳) اے سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبِ اللِّوَآءِ

(۴) اے حق کے جھنڈے کو بلند کرنے والے آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ الْفُقَرَآءِ

(۵) اے محتاجوں کے دوست آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ

(۶) اے کمزوروں کے مددگار آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ

(۷) اے رسولوں کے سردار آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ

(۸) اے گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبِ الْکَوْثَرِ

(۹) اے حوض کوثر والے آپ پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْاَكْبَرِ

(۱۰) اے شفاعت کرنے والے بڑے آپ پر سلام ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا مَایَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوۃِ شَیْءٌ

(۱۱) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت و برکت نازل فرما جب تک سلام ہو تحیت میں سے کچھ باقی رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا مَایَبْقٰی مِنَ الْبَرَکَاتِ شَیْءٌ

(۱۲) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک برکات میں سے کچھ باقی رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا مَایَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوۃِ شَیْءٌ

(۱۳) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک نماز میں سے کچھ باقی رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا مَایَبْقٰی مِنَ التَّحَنُّنِ شَیْءٌ

(۱۴) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک مہربانی اور نرم دلی میں سے کچھ باقی رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اِذَا ذَکَرَہُ الْاَبْرَارُ

(۱۵) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک نیک لوگ ان کا ذکر کرتے رہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ الَّیْلُ وَالنَّھَارُ

(۱۶) اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک رات اور دن بدلتے رہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ صَلٰوۃُ اللہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَعِتْرَتِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّجِبْرَآءِیْلَ وَ مِیْکَآءِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَ عِزْرَآءِیْلَ وَ مُنْکَرٍ وَّ نَکِیْرٍ وَّ عَلٰی حَمَلَۃِ الْعَرْشِ وَالْکِرَامِ

الْكَاتِبِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّ اٰوَانٍ وَّ حَالٍ وَّ زَمَانٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَاَضْعَافِ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِاَضْعَافٍ لَا يُحْصِيْهَا غَيْرُكَ اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا يَنْقَطِعُ مَدُّهَا وَلَا يُحْصٰى عَدُّهَا صَلٰوةً تَشْحَنُ الْهَوَآءِ وَتَمْلَأُ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ حَتّٰى تَرْضٰى بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

(۱۷) اے اللہ حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما دنیا اور آخرت کی تمام چیزوں کے برابر اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں اور نبیوں رسولوں اور اللہ کی تمام مخلوق کی طرف سے درود ہوں رسولوں کے سردار متقیوں کے امام نبیوں کے خاتم اور رب العلمین کے رسول پر درود وسلام ہوں ان کی آل پاک صحابہ اکرام اور ازواج مطہرات ان کی اولاد ان کے اہل بیت اور ان کے کنبے کے تمام افراد پر درود وسلام ہوں۔

اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما اور جبریلؑ میکائیلؑ اسرافیلؑ عزرائیلؑ منکر و نکیرؑ حاملین عرش اور کراماً کاتبین سب پر بہت بہت درود اور خوب سلام ہو۔

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما ہر وقت ہر آن ہر حال ہر زمانے اس کے برابر جو کچھ تو نے پیدا کیا ہے بلکہ اس سے بھی کئی گناہ زیادہ جن کا شمار تیرے سوا کوئی نہیں جانتا بے شک تو جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر اس قدر درود نازل فرما کے جس کی مدت ختم نہ ہو اور اس کا شمار نہ ہو سکے اس قدر زیادہ درود نازل فرما کے فضاء زمین اور آسمان بھر جائیں۔

اور رحمت نازل فرما ان پر اور ان کی آل پر یہاں تک کے تو اپنی کرم نوازی کے ساتھ راضی ہو۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔

◆✠◆✠◆

پیاری دعائیں

نافرمانیوں سے بچنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ ڈر، خوف اور خشیت الٰہی کے بارے میں ہر مجلس سے اٹھتے وقت اس دعا کو پڑھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعَاصِیْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَاتُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْیَقِیْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَیْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْیَاوَ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّاتِنَا مَا اَحْیَیْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰی مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰی مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا فِیْ دِیْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَآ اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَاتُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا۔

ترجمہ: ''اے اللہ! تو ہم کو اپنا ایسا خوف عطا فرما جو ہماری اور تیری نافرمانیوں کے درمیان حائل ہو جائے اور ایسی اطاعت عنایت فرما جو ہم کو تیری جنت میں پہنچا دے اور ایسا یقین مرحمت فرما جس سے ہمارے دنیاوی مصائب ہمارے لیے آسان ہو جائیں اور ہمارے کانوں، آنکھوں اور قوتوں سے ہم کو فائدہ پہنچا جب تک ہم زندہ رہیں اور ان میں سے ہر ایک کو ہمارا وارث بنا اور ہمارا انتقام ہمارے ظالموں پر مقرر فرما اور ہمارے دشمنوں پر ہماری امداد فرما اور ہمارے دین میں مصیبت مت ڈال اور دنیا کو ہمارے بڑے غم کی چیز مت بنا اور نہ اس کو علم کی انتہائی پرواز بنا اور نہ ایسے شخص کو ہمارے اوپر مسلط فرما جو ہمارے حال پر رحم نہ کرے۔''

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۸۸، مشکوۃ جلد ا صفحہ ۲۱۹)

محبت الٰہی کے لیے دعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محبت الٰہی کے طلب کرنے کے لیے اس دعا کو پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَمَالِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میں تیری محبت اور تیرے چاہنے والوں کی محبت مانگتا ہوں اور ایسے عمل کی توفیق چاہتا ہوں جو مجھے تیری محبت کی طرف لے جائے۔ الٰہی تو اپنی محبت میرے جان و مال اور اہل وعیال اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ میرے لیے پسندیدہ بنا۔''

(ترمذی جلد۲ صفحہ ۱۸۷)

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّہٗ عِنْدَكَ اَللّٰھُمَّ مَا رَزَقْتَنِیْ مَآ اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ قُوَّۃً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ اَللّٰھُمَّ وَمَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ

ترجمہ: الٰہی! تو مجھے اپنی محبت عطا فرما اور ان لوگوں کی بھی محبت جن کی محبت تیرے نزدیک مجھے نفع پہنچائے اے اللہ جو میری پسند کی چیز تو نے مجھے دی ہے اس کو تو ایسے کاموں کی ادائیگی میں قوت کا باعث بھی بنا دے جو تجھ کو پسند ہو، اے اللہ! جو میری پسند کی چیز تو نے مجھ سے روک دی ہے تو اب اسکے خیال سے بھی میرے دل کو خالی کر کے ایسے کاموں میں لگا دے جو تجھ کو پسند ہو۔''

(ترمذی جلد۲ صفحہ ۱۸۷، مشکوٰۃ جلد ا صفحہ ۲۱۹)

دنیوی آرزوؤں پر اللہ کی محبت غالب رکھنے کے لیے بہترین دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَیَّ وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِیْ وَاقْطَعْ عَنِّیْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰی لِقَآءِكَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِیْ مِنْ عِبَادَتِكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ مجھے اپنی محبت سب سے زیادہ پیاری کردے اور اپنا خوف ہر چیز کے خوف سے زیادہ بڑھادے اور اپنی ملاقات کی تڑپ عطاء فرما کر دنیا کی سب حاجتیں میرے دل سے نکال دے اور جب دنیا والوں کو دنیا دے کر ان کی آنکھیں ٹھنڈی کرے تو میری آنکھیں اپنی عبادت سے ٹھنڈی کرنا۔'' (حلیۃ الاولیا جلد ا صفحہ ۱۰۰)

ایمان دل میں رچ بس جائے اس کے لیے یہ دعا مانگیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِیْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں رچ جائے اور وہ سچا یقین کہ میں خوب جان لوں کہ جو بات تو نے میری تقدیر میں لکھ دی ہے بس وہی مجھ کو پیش آ سکتی ہے اور رضامندی مانگتا ہوں اس زندگانی پر جو تو نے میرے لیے تقسیم فرما دی ہے۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(کنزالعمال جلد ا صفحہ ۱۹۴)

سوکر اٹھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ: ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں زندہ کیا بعد مار دینے کے اور اسی کی طرف اٹھنا ہے۔'' (بخاری جلد۲ صفحہ ۹۳۶، ابوداؤد جلد۲ صفحہ ۳۴۰، مسلم جلد۲ صفحہ ۳۴۸)

وضو کے بعد کی دعا

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْکَ۔

ترجمہ: میں (دل سے) اقرار کرتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے نہیں ہے کوئی شریک اس کا اور اقرار کرتا ہوں کہ بے شک محمد ﷺ بندے اس کے ہیں اور رسول اس کے، یا اللہ کر دیجئے مجھے توبہ کرنے والوں میں سے اور کر دیجئے مجھے پاک صاف لوگوں میں سے۔ پاکی بیان کرتا ہوں میں آپ کی اے اللہ اور حمد کرتا ہوں آپ کی، (دل سے) اقرار کرتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے آپ کے۔ بخشش چاہتا ہوں آپ سے اور توبہ کرتا ہوں آپ کے سامنے۔'' (ترمذی جلد ۱ صفحہ ۹)

اذان کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃِ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

ترجمہ: اے اللہ اس دعوت کامل اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد ﷺ کو مقام وسیلہ اور فضیلت اور بلند مقام عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا وعدہ آپ نے ان سے کیا ہے ہمیں قیامت کے روز اور ان کی شفاعت عطا فرما کیونکہ آپ نہیں کرتے خلاف وعدہ کے۔''

(بخاری جلد۱صفحہ ۸۶، سنن الکبری للبیہقی جلد۱صفحہ ۴۱۰ ترمذی جلد۱صفحہ ۲۹)

نماز کے لیے جانے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ اٰمَنْتُ باللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْکَ وَبِحَقِّ مَخْرِجِیَّ ھٰذَا فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْہُ شَرًّاوَّلَابَطَرًا وَّلَارِیَآءً وَّ لَاسُمْعَۃً خَرَجْتُ ابْتِغَاءَ رِضَآئِکَ وَاِتِّقَآءَ سَخَطِکَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُعِیْذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَتُدْخِلَنِی الْجَنَّۃَ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ پر ایمان لایا اللہ پر بھروسہ کیا اللہ ہی کی امداد سے ہے گناہوں سے باز رہنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت۔ اے اللہ سوال کرنے والوں کا جو حق تیرے اوپر ہے اور میرے اس نماز کے لیے نکلنے کے حق سے (میرے گناہوں کو معاف فرما دے) کیونکہ میں شر، ریا، نمود، تکبر، گھمنڈ کے لیے نہیں نکلا ہوں بلکہ تیری خوشنودی کی تلاش اور تیرے غصے سے بچنے کے لیے نکلا ہوں تجھ سے میں سوال کرتا ہوں کہ دوزخ سے مجھے بچا اور جنت میں داخل فرما۔''

(عمل الیوم واللیہ ابن سنی صفحہ ۴۰)

گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام پر نکلتا ہوں اور اللہ ہی پر اعتماد کرتا ہوں اور گناہوں سے باز رہنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی کی مدد سے ہے۔''

(ابوداؤد، جلد۲صفحہ ۳۴۷، ترمذی جلد۲صفحہ ۱۸۰)

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَھِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔

ترجمہ: ''یا اللہ کھول دیجئے ہمارے لیے دروازے اپنی رحمت کے اور آسان کر دیجئے ہمارے لیے دروازے اپنے رزق کے۔''

(مسند احمد جلد ۳ صفحہ ۴۹۷، عمل الیوم واللیلہ السیوطی صفحہ ۹)

کاہلی و کنجوسی اور بزدلی سے پناہ مانگنے کی دعا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کو آنحضرت ﷺ نے کاہلی، بزدلی اور بخیلی وغیرہ سے پناہ مانگنے کے لیے یہ دعا سکھائی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْھَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔ اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَزَكِّھَآ اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَكّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّایَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّایَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّاتَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّایُسْتَجَابُ لَھَا۔

ترجمہ: ''اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں ناتوانی اور کاہلی سے اور بخیلی، بزدلی اور بڑھاپے سے اور قبر کے عذاب سے۔ اے اللہ تو میرے نفس کو پرہیز گاری عطا فرما اور اس کو پاک کر تو سب سے اچھا پاک صاف کرنے والا ہے تو ہی اس نفس کا مولا اور آقا ہے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ایسے دل سے جو نہ ڈرے اور ایسے نفس سے جو آسودہ نہ ہو اور ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔

(مسلم جلد ۲، صفحہ ۳۵۰)

دین و دنیا کی درستگی کے لیے دعا

رسول اللہ ﷺ دنیا و آخرت کی درستگی اور اصلاح کے بارے میں اس دعا کو پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ۔

ترجمہ: ''اے اللہ تو میرے اس دین کی اصلاح فرما جو میرے کام کی حفاظت کرنے والا ہے اور میری دنیا کی اصلاح فرمادے، جس میں میری روزی ہے اور میری آخرت کو ٹھیک کردے جہاں مجھے دوبارہ جانا ہے اور میری زندگی کو میری ہر ایک بھلائی کی زیادتی کا سبب بنادے اور موت کو ہر ایک برائی سے راحت کا سبب بنادے۔''

(مسلم جلد۲ صفحہ ۳۴۹)

غور کیجئے کہ کتنی پیاری دعا ہے، قربان جائیے حضور اکرم ﷺ پر امت کو کیسی دعا سکھلا کر گئے کہ اس میں دین و دنیا دونوں کی اصلاح، آخرت کی بہتری، زندگی بھلائیوں میں گزارنے اور موت کو سبب راحت بنانے، ان تمام چیزوں کی دعا مانگنا سکھلا گئے جو ہر مسلمان مرد و عورت، بچے اور بوڑھے کی ضرورت ہے، خود بھی اس دعا کو مانگیں اور ہر مسلمان کو سکھائیں، جتنوں کو آپ یہ دعا سکھائیں گے ان سب کا اجر آپ کو ملے گا۔

بڑے بڑے کاموں میں آسانی

جو شخص ذیل کی آیت صبح و شام سات سات مرتبہ پڑھ لے تو اس کے بہت بڑے بڑے کام اللہ تعالیٰ اپنے ذمہ لے لیتے ہیں اور وہ آسانی سے پورے ہو جاتے ہیں۔ خواہ جھوٹے دل سے ہی پڑھ لے۔

حضرت ابوالدردا رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو بندہ بھی سات مرتبہ یہ دعا پڑھے گا چاہے وہ سچے دل سے پڑھے یا جھوٹے دل سے اللہ تعالیٰ اس کے غم اور پریشانی کو ضرور دور کردیں گے۔
(حیاۃ الصحابہ حصہ سوم صفحہ ۱۱۴ تفسیر قرطبی جلد ۸ صفحہ ۱۹۲)

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۝

ترجمہ: ”میرے لیے (تو) اللہ تعالیٰ (حافظ وناصر) کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کرلیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے۔“
(ترغیب جلد ا صفحہ ۴۵۱)

روزی کی کشادگی کے لیے دعا

تنگی رزق کی شکایت پر ایک بار مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے، رزق جتنا مقدر ہوتا ہے اتنا ہی ملتا ہے اس (کو بڑھانے) کا کوئی خاص وظیفہ نہیں، ہاں دعا کرنا چاہیے، دعا کرنے سے اللہ تعالیٰ سکون دیں گے جب اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھ جاتا ہے پھر پریشانی نہیں ہوتی اور تعلق پیدا کرنے کی بڑی ترکیب یہ ہے کہ خوب مانگا کرے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کشائش رزق کے لیے یہ دعا کرتی تھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ۔

ترجمہ: ”اے اللہ تو میری روزی کو کشادہ کردے میرے بڑھاپے اور میری عمر کے ختم ہونے تک۔“
(جامع صغیر جلد ا صفحہ ۵۷ ترغیب جلد ۴ صفحہ ۵۸۶)

اَللّٰھُمَّ ابْسُطْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ۔

ترجمہ: ”اے اللہ آپ ہم پر اپنی برکتوں اپنی رحمتوں اپنے فضل اور اپنے دیئے ہوئے رزق میں فراغت اور فراخی نصیب فرمایئے“۔
(الحزب الاعظم صفحہ ۶۰)

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَاتَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَارَزَقْتَنَا، وَاجْعَلْ غِنَآءَ نَا فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيْمَا عِنْدَكَ۔

ترجمہ: اے اللہ ہم کو اپنے فضل سے رزق عطا فرما اور اپنا رزق ہم سے مت روک اور جو رزق تو نے ہم کو عطا فرما دیا ہے اس میں ہمیں برکت دے اور ہم کو دل کی تونگری عطا فرما اور ہمارے دل میں ان نعمتوں کی رغبت ڈال دے جو تیرے ہاں ہیں؟"۔

(کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۲۱۰ ابن ابی شیبہ جلد ۱۰ صفحہ ۲۸۳)

رزق کی تنگی سے حفاظت کا مجرب عمل

مولانا شاہ عبد الغنی پھولپوری رحمہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستّر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ بہت مجرب عمل ہے۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

ترجمہ: "اللہ نرمی رکھتا ہے اپنے بندوں پر روزی دیتا ہے جس کو چاہے اور وہی ہے زور آور زبردست۔"

(معارف القران جلد ۷ صفحہ ۶۸۴)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِیْ رِضَاكَ ضُعْفِیْ وَخِذَالِیَ الْخَيْرِ بِنَا صِيلَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰی رِضَائِیْ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِیْ۔

ترجمہ: "اے اللہ میں کمزور ہوں، تو میری کمزوری کو اپنی رضا کے طلب میں قوت دے اور بھلائی کی توفیق عنایت فرما اور اسلام کو میری پسندیدگی کی انتہا بنا دے۔ اے اللہ! میں کمزور ہوں، مجھے قوت دے، میں ذلیل ہوں، مجھے عزت دے۔ میں فقیر ہوں مجھے روزی دے۔"

(مجمع الزوائد جلد ۱۰ صفحہ ۱۷۹)

حضرت جریر ابن عبداللہؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے گھر میں داخل ہو کر سورۃ اخلاص پڑھی تو اس کے گھر والوں سے اور اس کے پڑوس والوں سے فقر دور ہوگا۔

(مجمع الزوائد جلد ۱۰ صفحہ ۱۲۸)

وضاحت:

1. طلب رزق اور برکت کے لیے یہ ضروری ہے کہ کوشش بھی کرے، بعض لوگ کچھ عرصہ تک ملازمت نہ ملنے کی بنا پر گھر میں مایوس ہو کر بیٹھ جاتے ہیں اور پھر طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں، لہٰذا مسلمان کو کسی حال میں بھی مایوس نہ ہونا چاہیے، اللہ تعالیٰ سے اچھی امید رکھے اور گھر پر نا امید بالکل نہ بیٹھے۔ صبح سے شام تک کوشش کرے، پانچ وقت کی نماز کا جماعت سے اہتمام رکھے اور خود بھی یہ دعائیں مانگے اور بیوی بچوں سے بھی کہیے کہ وہ بھی یہ دعائیں مانگیں۔
2. اسی طرح گناہوں سے توبہ کرے، چھوٹے بڑے ہر گناہ سے بچنے کی پوری کوشش کرے، غفلت ولاپرواہی سے کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ واستغفار کرے۔ اس لیے کہ گناہ بھی روزی میں رکاوٹ کا سبب بنتے ہیں اور توبہ واستغفار سے روزی کے بند دروازے کھلتے ہیں۔
3. اسی طرح **یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیْ** بھی پڑھتا رہے۔

رزق حلال کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ: ”اے اللہ! حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مناسب حلال روزی عطا فرما اور اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔“

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۹۶)

یہ بہت ہی پیاری دعا ہے۔ حلال اور کشادہ روزی کے لیے ستّر مرتبہ شروع اور اخیر میں دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ دعا مانگنا بہت ہی مفید ہے۔

محتاجی اور ذلّت سے پناہ مانگنے کی دعا

محتاجی اور ذلت سے پناہ مانگنے کے لیے آنحضرت ﷺ اس دعا کو پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّۃِ وَالذِّلَّۃِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں محتاجی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں، مال کی کمی اور ذلّت سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے۔"

(ابوداؤد جلد ا صفحہ ۲۲۳)

بے روزگاری اور بھوک سے پناہ چاہنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں، تنگ دستی کی مصیبت سے اور حد سے گزری ہوئی تنگ دستی سے۔" (حزب الاعظم صفحہ ۹۷ بحوالہ طبرانی ص ۳۹۳)

قرض سے نجات کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔

ترجمہ: "اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں فکر اور غم سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں عاجزی سے اور سستی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں قرض کے بوجھ سے اور لوگوں کے دباؤ سے۔"

حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو وہاں ایک انصاری صحابی کو دیکھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا ابوامامہ کیا ہوا کہ آپ نماز کے وقت کے علاوہ مسجد میں بیٹھے ہیں، انہوں نے جواب دیا یارسول اللہ ﷺ! مجھ پر فکروں اور قرضوں کا ہجوم ہوگیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ میں تجھے وہ کلمات سکھاؤں کہ جب تو اسے پڑھے تو تیرے غم دور ہوں اور تیرا قرضہ ادا ہو؟ انہوں نے کہا ضرور یا رسول اللہ ﷺ، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو صبح وشام یہ (مذکورہ بالا) کلمات پڑھا کر۔

وہ صحابی ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے میری پریشانیوں کو دور کر دیا اور میرے قرضوں کو مجھ سے ادا کروا دیا۔ (ابوداؤد جلد ا صفحہ ۲۲۴)

چار عظیم فائدے

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص روزانہ سو مرتبہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔

پڑھے (تو یہ کلمات اس کے لیے فقر و فاقہ سے حفاظت کا ذریعہ اور قبر کی وحشت و تنہائی میں انسیت کا باعث ہوں گے اور ان کلمات (کی برکت) سے پڑھنے والا اغناء (ظاہری اور باطنی) حاصل کر لے گا اور (قیامت کے دن) ان کلمات کی برکت سے وہ جنت کے دروازہ پر دستک دے گا۔

تشریح:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔

روزانہ سو بار پڑھنے والے کو چار بڑے بڑے فائدے حاصل ہوں گے، ان میں سے ہر فائدہ ایسا ہے جس کا ہر شخص محتاج ہے، لہٰذا ہر شخص کو ہر روز اس کی ایک تسبیح پڑھ لینی چاہیے وہ فوائد یہ ہیں:

1. فقر و فاقہ اور معاشی تنگی دور ہونا۔
2. قبر کی وحشت دور ہو کر راحت و انسیت حاصل ہونا۔
3. غنا ظاہری و باطنی نصیب ہونا۔
4. جنت کے دروازے پر دستک دینے اور جنت میں داخل ہونے کی سعادت ملنا۔

(ماخوذ از ''عمل مختصر اور ثواب زیادہ'' مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب)

آفات وبلیّات سے حفاظت

جو شخص صبح و شام درج ذیل کلمات دس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے سو نیکیاں لکھ دے گا اور سو گناہ نامۂ اعمال سے مٹا دے گا اور اسے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس دن اور اس رات میں آفات و مکروہات سے محفوظ رہے گا۔ (ابن ماجہ صفحہ ۲۸۴)

اس کے ساتھ ساتھ روزانہ اپنی حیثیت کے موافق صدقہ و خیرات کا بھی اہتمام رکھیں۔ اگر آپ کے ماتحت کچھ لوگ کام کرتے ہیں تو ان کی بھی جائز ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے علاوہ تنخواہ کے بھی ان پر احسان کرتے رہیں۔ ان کی دلی دعاؤں کی برکت سے آپ اور آپ کے گھر والے ہر طرح کی بلاؤں سے محفوظ رہیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے ملک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۹۴، ابن ماجہ صفحہ ۲۸۴)

آفات اور بلیّات سے حفاظت کی ایک بہترین تدبیر یہ ہے کہ کسی کا دل نہ دکھائے، اپنی طرف سے ہر ایک کو راحت پہنچانے کی کوشش کرے، اگر اپنی طرف سے کسی کو تکلیف پہنچ چکی ہو تو اس سے معافی مانگ لے۔

دشمن اور ظالم کے شر سے حفاظت کے لیے

جس کو کسی ظالم شخص سے کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو، اس کے شر سے حفاظت کے لیے یہ دعا مانگے

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (پارہ:۱۱ سورہ یونس)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمیں ظالم لوگوں کا نشانۂ ستم نہ بنائیے۔'' (آیت نمبر: ۸۵)

حضرت مہلب بن ابی صفرہؓ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ایسے شخص نے روایت کی کہ جس نے خود رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ (کسی جہاد کے موقع پر رات میں حفاظت کے لیے) فرما رہے تھے کہ اگر رات میں تم پر چھاپہ مارا جائے تو تم **حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ** پڑھ لینا جس کا حاصل لفظ حم کے ساتھ یہ دعا کرنا ہے کہ ہمارا دشمن کامیاب نہ ہو اور بعض روایات میں حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْا بغیر نون کے آیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب تم حم کہو گے تو دشمن کامیاب نہ ہو گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حم دشمن سے حفاظت کا قلعہ ہے۔ (ترمذی جلد ا صفحہ ۲۹۷، ابوداؤد جلد ا صفحہ ۳۵۶)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورۃ مومن کی پہلی تین آیتیں حم سے الیہ المصیر تک پڑھ لیں وہ اس دن ہر برائی اور تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ (ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۶۹، ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۱۵)

ہر مشکل سے نجات اور غم و پریشانی، صدمہ و بے چینی دور کرنے کے لیے دعائیں

1. جب آدمی کسی مشکل میں گھرا ہوا ہو یا اسے کوئی پریشانی درپیش ہو یا وہ بے وسیلہ ہو تو یہ دعا کرے۔ اسی طرح طلب روزگار کے لیے بھی مجرب عمل ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

ترجمہ: ''میرے پروردگار'' میں اپنے لیے آپ کی نازل کی ہوئی ہر بھلائی کا محتاج ہوں۔''

قرآن کریم میں ہے کہ یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس وقت مانگی تھی جب وہ فرعون اوراس کے کارندوں کے ظلم سے نجات پانے کے لیے مصر سے فرار ہوکر مدینہ پہنچے تھے اور وہاں بظاہران کا کوئی پرسان حال نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے ان کی ملاقات حضرت شعیب علیہ السلام سے کرائی اوران کی خوشگوارزندگی کا آغاز ہوا۔

2. جب کسی پریشانی یا کسی کی ایذارسانی سے تکلیف ہو یا کوئی ایسی مشکل درپیش ہو جس کا حل آپ کے پاس موجود نہ ہو تو کثرت سے یہ دعا پڑھئے:

يَا اللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ۔ (مشکوٰۃ جلد۲ صفحہ ۱۲۱۶ ابن سنی صفحہ ۹۰)

3. ان شاء اللہ تعالیٰ غم سے نجات اور سکون وطمانیت قلب حاصل ہوگی۔

4. نیز یہ دعا قرآن کریم کی تلاوت کرنے سے پہلے اور تلاوت کرنے کے بعد بھی مانگنی چاہیے۔

حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں تھے تو یہ کلمہ خاص طور سے پڑھتے تھے:

لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

ترجمہ: ''تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، پاک ہے تو بیشک میں گناہ گاروں میں سے ہوں۔'' (سورۃ الانبیاء پارہ 17)

اللہ تعالیٰ نے اسی کلمہ کی برکت سے انہیں اس آزمائش سے نجات عطا فرمائی اور وہ مچھلی کے پیٹ سے صحیح سالم نکل آئے۔

ترمذی میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: حضرت یونس علیہ السلام نے جو دعا مچھلی کے پیٹ میں کی تھی اسے جو مسلمان بھی کسی مقصد کے لیے پڑھے گا اس کی دعا قبول ہوگی۔ (ترمذی جلد۲ صفحہ ۱۸۸)

اسی لیے بزرگوں سے یہ منقول چلا آتا ہے کہ وہ انفرادی یا اجتماعی مصیبت کے وقت یہ کلمہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھتے ہیں اوراس کی برکت سے اللہ تعالیٰ مصیبت کو دور فرمادیتا ہے۔

(ماخوذ از تفسیر معارف القرآن صفحہ ۹۷۴ جلد ۷)

آیت کریمہ کے ورد کے ساتھ ساتھ گناہوں سے بچنے کا اور فرائض و واجبات کو ادا کرنے کا ضرور اہتمام کیا جائے۔

بعد نماز عشاء اس آیت کریمہ کو ایک سو گیارہ مرتبہ یا تین سو تیرہ مرتبہ اور اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی حاجات کی دعا کی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غم سے نجات مل جائے گی۔

فائدہ:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

جو بھی مسلمان آدمی کسی بھی مقصد کے لیے اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول فرمائیں گے۔ (ترمذی، جلد۲ صفحہ ۱۸۸)

5. جو شخص کسی بھی رنج و غم، اضطراب و پریشانی میں گرفتار ہو یا کسی مشکل میں گرفتار ہو اس کو یہ پڑھنا چاہیے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بہت ہی بزرگ اور بڑا ہی بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا رب (مالک) ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے اور عرش کریم کا مالک ہے۔''

(مشکوٰۃ جلد ۱ صفحہ ۲۱۲، ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۸۱)

6. جب بھی کسی مصیبت و بلا یا خوفناک امر کے پیش آنے کا اندیشہ ہو یا کسی بہت بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو کثرت سے اس کا ورد رکھے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا۔

ترجمہ: ''کافی ہے ہمارے لیے اللہ اور وہ بہت ہی اچھا کارساز ہے، اللہ پر ہی ہم نے بھروسہ کیا ہے۔''

فائدہ:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ:
اگر کسی بلا یا خوفناک امر (مصیبت) پیش آنے کا اندیشہ ہو تو مذکورہ بالا دعا کا ورد رکھے۔
(ابوداؤد حدیث نمبر ۳۱۴۳ کتاب القضایا مسند احمد حدیث نمبر ۲۸۵۳ و ۲۲۸۵۸)

اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّه، لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ۔

7. ''اے اللہ! میں تیری رحمت ہی کی امید رکھتا ہوں، پس تو مجھے پلک جھپکنے کے لیے بھی میرے نفس کے سپرد مت کر اور میرے سب کام درست کر دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔'' (ابن سنی صفحہ ۱۲۲)

8. اور یہ دعا گڑگڑا کر مانگیں:

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

ترجمہ: ''اے (ہمیشہ ہمیشہ) زندہ رہنے والے، اے (تمام مخلوق کو) قائم رکھنے (اور سنبھالنے) والے، تیری ہی رحمت کے واسطے فریاد کرتا ہوں۔''

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۹۱، مشکوٰۃ جلد ۱ صفحہ ۲۱۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی فکر لاحق ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ (مذکورہ بالا) دعا بکثرت پڑھتے تھے۔
اس لیے سجدہ میں پڑ کر **یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ** بار بار کہتے رہیں۔

9. یہ دعا پڑھیں:

لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ترجمہ: ''تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، میں آپ کی پاکی بیان کرتا ہوں بے شک میں ہی (اپنے اوپر) ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔''

10. لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

ترجمہ: ''کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ مگر اللہ جو بہت بُردبار اور بزرگ ہے۔ اللہ ہی کے لیے پاکی ہے۔ جو آسمانوں اور زمینوں اور بڑے عرش کا رب ہے، اللہ رب العالمین کے لیے ساری تعریفیں ہیں۔ اے اللہ میں تیرے بندوں کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اللہ ہی مجھے کافی ہے اور بہت اچھا کارساز ہے۔''

11. نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں پریشانی اور مشکل کے وقت جو شخص آیۃ الکرسی اور سورۃ بقرہ کی آخری آیتیں پڑھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی فریادرسی فرما کر پریشانی کو دور فرمادے گا اور فرمایا جو:

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ٥ وَاكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ٥ (سورۃ المومنون)

پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کی بے چینی دور فرمادے گا اور فرمایا غم اور مشکل کے وقت پڑھا کرو۔

12. اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآاُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا۔

ترجمہ: ''اللہ میرا پروردگار ہے میں اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا۔''

(ابوداود، نسائی، ابن ماجہ صفحہ ۲۸۵)

جب کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے

جب کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو سب سے پہلے تو اپنے اعمال پر نظر ڈالئے اگر اس میں کوئی کوتاہی نظر آئے تو فوراً اس کو دور کرنے کی فکر کریں اور کثرت سے استغفار کریں، پھر ہر نماز کے بعد انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ اس دعا کو پچیس مرتبہ پڑھیے:

اَللّٰهُمَّ رَآدَّا الضَّآلَّةِ وَهَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَآئِكَ وَفَضْلِكَ۔

1. ''اے اللہ! اے گمشدہ کو واپس کرنے والے اور راہ بھٹکے ہوئے کو راہ دکھانے والے تو ہی گمشدہ کو راہ بتاتا ہے، اپنی قدرت اور غالبیت کے ذریعہ میری گمشدہ چیز کو واپس فرما دے کیونکہ بیشک وہ تیری عطا اور تیرے فضل سے مجھے ملی تھی۔''

(الطبرانی فی الکبیر عن ابی ھیرہ جلد ۱۲ صفحہ ۳۴۰ مجمع الزوائد جلد ۱۰ صفحہ ۱۳۳)

2. یا وضو اچھی طرح کر کے دو رکعت نماز (نفل) پڑھیں اور تشہد کے بعد (دوران نماز ہی) یہ دعا پڑھیں۔

رنج و غم اور فکر کے دور کرنے کی دعا

1. لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

ترجمہ: ''(کسی بھی کام کی) طاقت اور قوت اللہ (کی مدد) کے سوا (میسر) نہیں۔''

وحشت اور گھبراہٹ کے وقت کی دعا

جو شخص وحشت و گھبراہٹ محسوس کرے اسے یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

ترجمہ: ''میں اللہ کے ہمہ گیر کلمات کی پناہ لیتا ہوں اللہ کے غضب (وغصہ) سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطان کے کچوکوں (وسوسوں) سے اور اس سے کہ وہ شیطان میرے پاس آئیں۔''

(مشکوٰۃ جلد ا صفحہ ۲۱۷، ابن سنی صفحہ ۲۱۳، ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۹۱)

کسی چیز سے مغلوب ہو جانے کے وقت کی دعا

جب کسی شخص یا کسی چیز سے مغلوب (اور بے بس ہو جائے) تو یہ پڑھنا چاہیے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّاهُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

ترجمہ: ''کافی ہے میرے لیے اللہ، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے۔'' (معارف القرآن جلد ۴ صفحہ ۴۹۵)

کسی خاص شخص یا گروہ سے خوف کے وقت کی دعا

1. اگر کسی شخص سے (کسی قسم کا) خوف ہو تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَاشِئْتَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ تو ہمیں اس شخص سے بچا جس طرح تو چاہے۔'' (کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۳۹۲)

بعض اوقات آدمی اچانک کسی ایسے راستے میں پھنس جاتا ہے کہ آگے آنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پر خطرہ ہے تو اس وقت بھی یہ دعائیں مانگنی چاہئیں۔

2. اگر کسی خاص گروہ سے خوف ہو تو یہ پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَجْعَلُكَ فِىْ نُحُوْرِهِمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

''اے اللہ میں تجھے ان کے مقابلہ میں (اپنے لیے) سپر (ڈھال) بناتا ہوں اور ان کی برائیوں سے تیری پناہ لیتا ہوں۔'' (مسند احمد حدیث نمبر ۱۸۸۸)

جب گناہ کا داعیہ پیدا ہو

جب کسی گناہ کا داعیہ دل میں پیدا ہو تو یہ دعا مانگنی چاہیئے۔

خصوصاً ایسے وقت میں جب کسی نامحرم پر غلطی سے نظر پڑ جائے اور دل میں وسوسے آنے لگیں تو بھی یہ دعا مانگیں۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

ترجمہ: ''اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر نازل فرما دیجئے اور ہمیں فرماں بردار ہونے کی حالت میں موت دیجئے۔''

یہ دعا ایسے وقت بھی پڑھنی چاہیے جب کوئی صدمہ پہنچا ہو اور اس کی وجہ سے دل بے تاب ہو یا کسی طاقتور دشمن سے مقابلہ ہو۔

اطمینان قلب اور کام کی سہولت کے لیے

جب کسی مسئلے میں اطمینان نہ ہو رہا ہو یا کسی طالب علم کو اپنا سبق سمجھ میں نہ آ رہا ہو، تو یہ دعا کرے:

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ (سورة طٰہٰ)

ترجمہ: ''اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دیجئے اور میرے کام کو آسان کر دیجئے۔''

کسی کو تقریر کرنی ہو یا درس دینا ہو یا کوئی مضمون لکھنا ہو تو مذکورہ بالا دعا کے ساتھ یہ بھی اضافہ کرے:

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ (سورة طٰہٰ)

ترجمہ: ''اور میری زبان سے گرہ کھول دیجئے تاکہ یہ لوگ میری بات سمجھ لیں۔''

يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ

ترجمہ: ''اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ۔''

(ترمذی جلد۲ صفحہ۱۹۲)

نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ اس دعا کو پڑھ کر نفاق اور برے اخلاق سے پناہ مانگتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بدبختی اور نفاق اور برے اخلاق سے۔''

(ابوداوٗد جلد ا صفحہ ۲۲۳)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَھْوَآءِ۔

ترجمہ: الٰہی! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بری عادتوں، اور برے کاموں اور بری خواہشوں سے۔

(مشکوٰۃ جلد ا صفحہ ۲۱۷)

نفس کی برائی سے پناہ مانگنے کی دعا

آنحضرت ﷺ نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کو یہ دعا تعلیم فرمائی تھی:

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میرے دل میں بھلائی ڈال دے اور میرے نفس کی برائی سے مجھے بچا دے۔''

(مشکوٰۃ جلد ا صفحہ ۲۱۷)

شیاطین وغیرہ سے خوف کے وقت کی دعا

اگر کسی شیطان (خبیث جن) وغیرہ سے خوف ہو تو یہ پڑھیں:

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ النَّافِعِ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ الَّتِیْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّ لَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَشَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ۔

ترجمہ: میں پناہ لیتا ہوں اللہ کی جو بڑا ہی کرم کرنے اور نفع پہنچانے والا ہے اور اللہ کے ان تمام کلمات کی جن سے کوئی نیک و بد باہر نہیں ہے، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی، پھیلائی اور بے مثال بنائی اور ہر اس چیز (مخلوق) کے شر سے جو آسمان سے اترتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمانوں میں چڑھتی (جاتی) ہے اور ہر اس چیز (مخلوق) کے شر سے جو اللہ نے زمین میں پھیلائی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین سے نکلتی ہے اور رات اور دن کے فتنوں (بلاؤں) کے شر سے اور ہر رات کو پیش آنے والے (حادثہ) کے شر سے بجز اس (پیش) آنے والے (واقعہ) کے جو خیر و برکت لاتا ہے۔ اے بہت رحم کرنے والے (مجھ پر رحم فرما)''۔

(مسند احمد حدیث نمبر ۱۴۹۱۳)

اپنے لیے اولاد کی دعا

1. جس شخص کی اولاد نہ ہو، یا نرینہ اولاد نہ ہو، وہ یہ دعا کثرت سے مانگا کرے۔

رَبِّ لَاتَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

ترجمہ: ''اے میری پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑیئے، اور آپ بہترین وارث ہیں۔''

اگر ہو سکے تو دو رکعت صلوۃ الحاجت کی نیت سے پڑھے اور پھر دعا مانگے اس لیے کہ حدیث شریف میں آتا ہے۔ جو شخص تنہائی میں دو رکعت نماز پڑھے، اس کو اللہ اور اس کے فرشتوں کے سوا کوئی نہ دیکھے تو اس کو جہنم کی آگ سے بری ہونے کا پروانہ مل جاتا ہے اور جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا مانگتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ وہ دعا قبول فرما لیتے ہیں خواہ فوراً یا کسی مصلحت سے کچھ دیر کے بعد مگر قبول ضرور فرما لیتے ہیں۔

(ماخوذ از فضائل نماز صفحہ ۳۱۱)

بچہ کے لیے تعویذ

بچہ (کو نظر بدن اور ہر طرح کی آفت و بلاء، دکھ بیماری سے محفوظ رکھنے) کے لیے صبح و شام یہ دعا پڑھ کر دم کردیں یا لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّهَآمَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَآمَّةٍ۔

ترجمہ: ''میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں ہر شیطان اور زہریلی بلاء کے شر سے اور ہر لگنے والی نظر بند کے شر سے''۔ ابوداؤد جلد۲ صفحہ ۲۳۵ ابن سنی صفحہ ۲۱۱)

گھر والوں اور اولاد کی سعادت مندی کے لیے

شوہر، بیوی اور اولاد کی نیکی، سعادت مندی اور ان کے ساتھ خوشگوار تعلقات کے لیے یہ دعا مانگی جائے:

رَبَّنَاهَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

(سورۃ الفرقان پارہ 19)

ترجمہ: ''اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے ازواج! (یعنی بیویوں کو شوہروں اور شوہروں کو بیویوں سے) اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرمائیے اور ہمیں متقیوں کا سربراہ بنائیے۔''

جسمانی دکھ تکلیف کے لیے دعا

جس شخص کا کوئی جسمانی دکھ، درد یا کوئی اور تکلیف ہو وہ اپنا دایاں ہاتھ تکلیف کی جگہ پر رکھے اور تین مرتبہ **بِسْمِ اللهِ** کہے اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

اَعُوْذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

ترجمہ: ''میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس تکلیف کے شر سے جو مجھے ہو رہی ہے اور جس سے میں ڈر رہا ہوں''۔ (ابن ماجہ صفحہ ۲۶۰ باب تعوذ النبیؐ وما عوذ بہ)

مرض کی شدت اور زندگی سے بیزاری کے وقت

اگر کسی شدید مرض میں مبتلا اور زندگی سے بیزار ہو جائے تو مرنے کی دعا نہ کرے لیکن اگر دعا ہی کرنا ہو تو یہ دعا کرے:

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِىْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّىْ وَتَوَفَّنِىْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّىْ۔

ترجمہ: ''اے اللہ تو مجھے زندہ رکھ جب تک کہ زندگی میرے لیے بہتر ہو اور موت دے دے جب کہ مرنا میرے لیے بہتر ہو۔''

(بخاری جلد۲ صفحہ ۸۴، مشکوٰۃ جلد ا صفحہ ۱۳۹)

پیشاب بند ہو جانے اور پتھری کے لیے دعا

جب پیشاب بند ہو جائے یا پتھری ہو تو یہ دعا پڑھے:

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ، تَقَدَّسَ اسْمُكَ، اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ۔ وَاغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا، اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ وَشِفَآءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ۔

ترجمہ: ''ہمارا رب وہ اللہ ہے جو آسمان میں ہے (اے ہمارے رب) تیرا نام پاک ہے، تیرا حکم آسمان اور زمین میں یکساں ہے۔ تیری رحمت جیسے آسمان میں ہے ایسے ہی زمین میں بھی عام کر دے، ہمارے گناہ اور خطائیں معاف کر دے تو پاک لوگوں کا پروردگار ہے۔ پس تو اپنے (خزانہ) شفا سے شفا اور (خزانہ) رحمت سے رحمت نازل فرما دے اس بیماری پر (کہ یہ جاتی رہے)۔''

(ابوداؤد جلد۲ صفحہ ۱۸۷، مشکوٰۃ، جلد ا صفحہ ۱۳۶)

پھوڑے پھنسی اور زخم کے لیے دعا

جس شخص کے پھوڑا پھنسی یا زخم ہو اس کا علاج اس طرح کرے کہ اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھ کر یہ کہتے ہوئے اٹھائے اور مریض یا زخمی کے بدن پر تکلیف کی جگہ لگا تا جائے:

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ ہماری ہی زمین کی مٹی، ہم ہی میں سے کسی ایک شخص کے تھوک کے ساتھ، ہمارے پروردگار کے حکم سے ہمارا بیمار اچھا ہو جائے۔"

(عن عائشہؓ ابوداؤد جلد۲ صفحہ ۱۸۸، ابن سنی صفحہ ۱۹۳)

یا تکلیف کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر طاق مرتبہ یعنی تین یا پانچ سات مرتبہ یہ پڑھے اور پھر اٹھا لے۔ اسی طرح چند مرتبہ یہ عمل کرے:

جب آنکھ میں تکلیف ہو تو یہ دعا پڑھیں

جس شخص کی آنکھ دکھ رہی ہو وہ یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَ اَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ۔

ترجمہ: "اے اللہ! مجھے میری بینائی سے نفع پہنچا اور اس کو میرا وارث (یادگار) بنا دے اور میرے دشمن (کی زندگی) میں میرا بدلہ مجھے (اپنی آنکھوں سے) دکھا دے اور جو مجھ پر ظلم کرے اس پر میری مدد فرما۔"

(ابن سنی صفحہ ۱۸۹ا ترمذی جلد۲ صفحہ ۲۰۰)

بخار کے لیے دعا

جس شخص کو بخار آ جائے وہ یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

ترجمہ: ''بزرگ و برتر اللہ کے نام سے، میں پناہ لیتا ہوں خدائے بزرگ و برتر کی، ہر جوش مارنے والی رگ کے شر سے اور جہنم کی آگ کی سوزش کے شر سے۔''

(مشکوۃ جلد ا صفحہ ۱۳۵، ابن سنی صفحہ ۱۸۹)

ڈوبنے، جل جانے اور گر جانے سے پناہ مانگنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ یہ دعا پڑھ کر ڈوبنے اور گر کر مرنے وغیرہ سے پناہ مانگا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًاوَّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا۔

ترجمہ: ''الٰہی! میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ دب کر مرنے سے، گر کر مرنے سے، ڈوب کر مرنے سے، جل کر مرنے اور انتہائی بڑھاپے (سٹھیا جانے) سے اور پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ شیطان موت کے وقت مجھ کو بدحواس کر دے اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تیرے راستہ میں میدان جہاد سے پیٹھ پھیر کر مروں اور پناہ چاہتا ہوں کہ میں موذی کے ڈسنے سے مروں۔''

نمازِ استخارہ کی دعا

استخارہ کی فضیلت احادیث میں بہت آئی۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں جو استخارہ کر لیا کرے وہ کبھی شرمندہ نہ ہوگا اور نہ نقصان اٹھائے گا اور استخارہ کرنا نیک نیتی کی علامت ہے۔ استخارہ نہ کرنا بدقسمتی ہے۔ آنحضرت ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس طرح استخارہ سکھاتے جس طرح قرآن کریم کی سورتیں سکھاتے۔ مختصر استخارہ **اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ** ہے (ترمذی جلد۲ صفحہ ۱۹۰) اور اصل استخارہ کی یہ ترکیب ہے کہ دو رکعت نفل نماز پڑھ کر دعائے استخارہ پڑھی جائے اور **ھٰذَا الْاَمْرَ** کی جگہ اس کام کا نام لیا جائے جس کے کرنے کا ارادہ ہو۔ رسول اللہ ﷺ جب کسی کام کا ارادہ فرماتے تو **اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ** فرمایا کرتے۔ (ترمذی جلد۲ صفحہ ۱۹۰) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا، اے انس جب تم کسی کام کا ارادہ کرو تو اپنے رب سے سات مرتبہ استخارہ (طلب خیر) کر لیا کرو۔ اس کے بعد غور کرو جو بات تمہارے دل میں آئے۔ اسی میں بھلائی ہے۔

(ردالمختار جلد اصفحہ ۱۸۷ بحوالہ ابن سنی)

دعائے استخارہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

ترجمہ: ”اے اللہ میں تیرے علم کے ساتھ بھلائی مانگتا ہوں اور قدرت چاہتا ہوں تیری قدرت کے ذریعے اور مانگتا ہوں تیرے فضل سے کیونکہ تو ہی قادر ہے میں قادر نہیں ہوں اور تو ہی

جانتا ہے اور میں نہیں جانتا، تو عیبوں کا جاننے والا ہے۔ اے میرے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام اچھا ہے میرے لیے میرے دین اور دنیا اور میرے کام کے انجام میں تو، تو اس کو میرے قابو میں کر دے اور اس کو میرے لیے آسان کر دے پھر اس میں میرے لیے برکت دے اور اگر تو سمجھتا ہے کہ یہ کام میرے لیے اچھا نہیں، میرے دین و دنیا اور میرے کام کے انجام میں تو، تو اس کو مجھ سے پھیر دے اور مجھ کو اس سے پھیر دے اور میرے لیے بھلائی مقرر کر دے، جس جگہ بھی ہو پھر مجھ کو اس سے خوش کر دے۔''

(بخاری جلد۲ صفحہ ۹۴۴، ترمذی جلد ا صفحہ ۶۳)

اچھا رشتہ ملنے کے لیے اہم دعائیں

ماں باپ بڑے بھائی بہن کو چاہیے کہ بچوں اور چھوٹے بھائی بہنوں کو جوان ہونے کے بعد ایسی دعائیں یاد کروا دیں جن میں (اچھے رشتے کا ملنا اور عافیت کے ساتھ زندگی کا گزرنا) طلب کیا گیا ہے چونکہ یہ دعائیں خود اللہ ہی نے بتائی ہیں گویا آقا خود ہی بتلا رہے ہیں کہ ہمارے دربار میں ہم سے اس طرح مانگو۔ لہٰذا وہ دعائیں قبولیت کے زیادہ قریب ہیں۔

رَبَّنَاهَبْ لَنَامِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًاo

(سورۃ الفرقان پارہ 19)

ترجمہ: ''اے ہمارے رب عنایت فرما ہم کو ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا۔''

جب کھانا شروع کرے

بِسْمِ اللهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللهِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت کے ساتھ''۔

(حصن حصین صفحہ ۲۳۰ بحوالہ حاکم عن ابی ہریرہؓ)

کھانے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

ترجمہ: ''شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور کیا ہمیں مسلمانوں میں سے''۔

(ابن سنی صفحہ ۱۵۸)

جب کوئی نیا لباس پہنے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَآ اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ۔

ترجمہ: ''شکر ہے اللہ کا جس نے مجھے ایسا لباس پہنایا کہ ڈھانکتا ہوں اس سے اپنا ستر اور زینت کرتا ہوں اس سے اپنی زندگی میں''۔

(مشکوٰۃ شریف جلد ۱ صفحہ ۳۷۷ سنن ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۹۵)

یہ دعا نیا لباس پہنتے وقت بھی پڑھ سکتے ہیں، اسی طرح نئے لباس کا شکریہ بھی ہے کہ پرانا لباس کسی غریب کو صدقہ کر دیں یا اپنے کسی غریب دوست رشتہ دار کو ہدیہ میں پیش کر دیا جائے اور اس طرح کا شکر ہر نعمت پر کر سکتے ہیں یعنی نئی چیز ملنے پر اور پرانی چیز صدقہ یا ہدیہ کر دیں۔

گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام کے ساتھ اللہ پر بھروسہ کیا میں نے''۔

(سنن ابن ماجہ صفحہ ۲۸۵ ابوداؤد جلد ۲ صفحہ ۳۴۷ ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۸۰)

نیند میں ڈر جانے کی دعا

جب نیند میں کوئی شخص ڈرے یا کوئی برا خواب دیکھ کر خوفزدہ ہو تو اس کو چاہیے کہ بائیں جانب تین مرتبہ تھتھکار کر کروٹ بدل دے اور تین مرتبہ شیطان کے شر سے پناہ مانگے یعنی **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ** پڑھ کر ان دعاؤں کو پڑھے۔ (ابن سنی صفحہ ۱۹۳)

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے پورے کلموں کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں اس کے غصے اور اس کے بندوں کی برائی سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور ان کے میرے پاس حاضر ہونے سے۔''

(مشکوٰۃ جلد ا صفحہ ۲۱۷ ابن سنی صفحہ ۲۴۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نیند میں تم ڈر جاؤ تو اس دعا کو پڑھ لیا کرو۔ کوئی جن، بھوت، شیطان تمہیں تکلیف نہ پہنچا سکے گا۔ (ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۸۳)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس دعا فکو اپنے سمجھ دار بچوں کو یاد کرا دیتے تھے۔ (ابوداؤد جلد ۲ صفحہ ۱۸۷)

رات کی بے چینی اور نیند نہ آنے کی دعائیں

رات کو نیند نہ آنے کی وجہ سے جو بے قراری اور بے چینی ہو یا نیند اچٹ جانے سے طبیعت پریشان ہو تو ان دعاؤں کو پڑھ کر سو جائے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس پریشانی کو دور کر دے گا۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بے چینی کی شکایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کی آپ نے ان دعاؤں کو پڑھنے کی ترغیب دی۔ وہ پڑھنے لگے ان کی بے خوابی اور بے قراری دور ہو گئی۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبۡعِ وَمَآ اَظَلَّتۡ وَ رَبَّ الۡاَرَضِیۡنَ السَّبۡعِ وَمَآ اَقَلَّتۡ وَ رَبَّ الشَّیٰطِیۡنِ وَمَا اَضَلَّتۡ کُنۡ لِّیۡ جَارًا مِّنۡ شَرِّ خَلۡقِكَ کُلِّھِمۡ جَمِیۡعًا اَنۡ یَّفۡرُطَ اَحَدٌ عَلَیَّ مِنۡھُمۡ اَوۡ اَنۡ یَّبۡغِیَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَائُكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَیۡرُكَ۔

ترجمہ: ’’الٰہی تو رب ہے ساتوں آسمانوں کا اور جو چیز بھی ان کے سایہ میں ہے اور رب ہے تو ساتوں زمینوں کا اور جن چیزوں کو زمینوں نے اٹھا رکھا ہے اور رب ہے شیطانوں کا اور جن کو شیطانوں نے گمراہ کیا اپنی تمام مخلوق کی برائیوں سے مجھ کو بچا کہ مجھ پر کوئی ظلم یا زیادتی نہ کرے تیری پناہ چاہنے والا غالب ہو کر رہے گا اور تیرا نام بڑا ہی عظمت والا ہے۔‘‘ (ترمذی جلد۲ صفحہ۱۹۱)

دعائے حاجات

جو آدمی ہر نماز کے بعد اس دعا کو ہمیشہ پڑھے گا، خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد، تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت کرے گا۔ اس کے دشمنوں پر اس کی مدد کرے گا اور اس کو غنی کردے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اس کی زندگی اس پر آسان کردے گا اور اس کا قرضہ ادا کردے گا۔ اگرچہ پہاڑ کے برابر ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے پورا کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَاوَاحِدُ یَا مَوۡجُوۡدُ یَا جَوَّادُ یَا بَاسِطُ یَا کَرِیۡمُ یَاوَهَّابُ یَا الطَّوۡلُ یَاغَنِیُّ یَا مُغۡنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیۡمُ یَا حَکِیۡمُ یَاحَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا بَدِیۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ یَا ذَالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ نَفِّحۡنِیۡ مِنۡكَ بِنَفۡحَةِ خَیۡرٍ تُغۡنِیۡنِیۡ بِهَا عَمَّنۡ سِوَاكَ اِنۡ

تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَ كُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَالَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ۔ اَللّٰهُمَّ يَا غَنِىُّ يَاحَمِيْدُ يَامُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا وَدُوْدُ يَاذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالُ لِّمَا يُرِيْدُ اِكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِىْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِىْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ط

دعا برائے مغفرت والدین

والدین کا حق ادا کرنے کی دعا:

علامہ عینیؒ نے شرح بخاری میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا کرے کہ یا اللہ اس کا ثواب میرے والدین کو پہنچا دے، تو اس نے والدین کا حق ادا کر دیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الْكِبْرِيَاءِ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ لِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَلَهُ الْعَظْمَةُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ هُوَ الْمُلْكُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ وَلَهُ النُّوْرُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ٥

دعا برائے اولاد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ

یَاذَا الْعَرْشِ الْمِجَيْدِ یَامُبْدِئُ مُعِيْدٍ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَكَ اَرْكَانَ عَرْشَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّذِیْ قَدَّرْتَ بِهَا حَمَيْتَ خَلْقِكَ اَنْ تُصْلِحَ لِیْ یَارَبِّیْ اَوْلَادِیْ وَ اَنْ تُقَدِّرْلِیْ وَلَهُمْ مَا فِيْهِ الْخَيْرَ وَالصَّلَاحَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِیِّ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ

آیات سکینہ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔
اطمینان وسکون کی دولت حاصل کرنے کے لیے رات کو سوتے وقت درج ذیل آیات کی تلاوت نہایت درجہ مفید ہے۔ اوّل وآخر درود شریف کا ورد اس کے اثر کو اور بڑھا دیتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ [۲۴۸]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ [۲۶]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ [۴۰]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا [۴]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا [۱۸]

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اِذْ جَعَلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْحَمِیَّۃَ حَمِیَّۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلْزَمَھُمْ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی وَکَانُوْٓا اَحَقَّ بِھَا وَاَھْلَھَا وَکَانَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا [۲۶]

آیات قرآنی برائے حصولِ برکت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ [۲۶] تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ [۲۷]

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ وَطَائِفَۃٌ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا ھٰھُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ [۱۵۴]

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ م بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ [۵۴] اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ [۵۵] وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِھَا وَادْعُوْہُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ [۵۶]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا [۱۱۱]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا [۱] فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا [۲] فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا [۳] اِنَّ اِلٰهَکُمْ لَوَاحِدٌ [۴] رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ [۵] اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ نِ الْکَوَاکِبِ [۶] وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ [۷] لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ [۸] دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ [۹] اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ [۱۰]

ہفت آیاتِ منجیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰهُ لَنَاه هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

ترجمہ: (اے رسول) آپ کہہ دیجئے کہ ہمیں نہیں پہنچتی (کوئی مصیبت) بجز اس کے جو خدا نے ہمارے لیے لکھدی ہو وہی ہمارا کارساز ہے، اور اللہ ہی پر مومنوں کو توکل کرنا چاہیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝

ترجمہ: اور اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو کوئی اس کو دور کرنے والا نہیں مگر وہی اور اگر وہ تیرے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرے تو کوئی اس کے فضل کی تجھ سے ہٹانے والا نہیں وہ اسے پہنچاتا ہے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اور وہ بے حد بخشنے والا اور نہایت مہربان ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ٥

ترجمہ: اور کوئی زمین پر چلنے پھرنے والا ایسا نہیں ہے کہ اللہ کے ذمہ اس کا رزق نہ ہو اور وہ اس کی قرار گاہ (یعنی مسکن) اور اس کے سونپے جانے کی جگہ اپنی کو جانتا ہے اور یہ اب روشن کتاب میں لکھا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ٥

ترجمہ: بلاشبہ میں توکل کرتا ہوں اللہ میرے رب اور تمہارے رب پر کوئی زمین پر چلنے پھرنے والا ایسا نہیں ہے جس کی پیشانی کے بال وہ (خدا) پکڑے ہوئے نہ ہو انہیں وہ اس کے قابو میں نہ ہوا یقیناً میرا رب سیدھی راہ پر (یعنی منصف و عادل) ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ق اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ز وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥

ترجمہ: اور کتنے ہی (زمین) چلنے پھرنے والے ایسے ہیں کہ اپنے رزق لادے نہیں پھرتے اللہ ہی ان کو رزق دیتا ہے اور تم کو بھی اور وہ خوب سننے والا، بڑا جاننے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ م بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ٥

ترجمہ: اللہ لوگوں کے لیے جو رحمت (ومہربانی) کھولتا (یعنی عام کرتا) ہے، اسے کوئی روکنے (اور بند کرنے) والا نہیں، اور جو روکتا ہے اسے کوئی چھوڑنے اور کھولنے والا نہیں اس کے بعد اور وہی زبردست صاحب حکمت ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو انتہائی مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ قُلْ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ؈

ترجمہ: (اے رسول) اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے انہیں پیدا کیا آپ کہہ دیں کہ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے (معبود قرار دیتے) ہو (وہ) اللہ اگر مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ اس کی تکلیف دور کرنے والے ہیں یا وہ میرے ساتھ رحمت کا ارادہ فرمائے تو کیا وہ اس کی رحمت کو روکنے والے ہیں (ہرگز ایسا نہیں) آپ کہہ دیں کہ مجھے کافی ہے اللہ (صرف) اسی پر توکل کرتے ہیں توکل کرنے والے پاک (ومنزہ) ہے آپ کا رب، ملک عزت اور عظمت) ان باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں اور سلام ہو تمام رسولوں پر اور ہر تعریف اللہ تمام عالموں کے رب (ہی) کے لیے ہے۔

دُرودِ اَعلیٰ:

اس درود شریف کے متعلق کہتے ہیں کہ حضرت امام شافعیؒ نے ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا تو سوال کیا۔ اللہ تعالیٰ نے تم سے کیا معاملہ فرمایا؟ ان بزرگ نے جواب دیا کہ مجھے بخش دیا گیا اور اعلیٰ اعزاز عطا کیا گیا۔ سب سے بڑی چیز تو یہ ہے کہ میرا حساب کتاب نہ ہوا۔

امام صاحب نے فرمایا یہ کیوں؟

انہوں نے جواب دیا کہ جو دُرود میں پڑھتا تھا۔ اس کی برکت سے یہ اعلیٰ اعزاز اور وہ درود یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوةُ عَلَیْهِ ط

ترجمہ: الٰہی ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر درود بھیج جو ان کے لائق ہے۔

صلوٰۃ ناصری میں لکھا ہے کہ یہ درود شریف بہت مقبول ہے۔ جو شخص اس کا ہمیشہ ورد رکھے گا مخلوق میں ممتاز ہو کر رہے گا۔ بدامنی، راہ زنی، خوف، حادثات اور چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ واقعی عجیب اور اعلیٰ مرتبہ درود شریف ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ نے انسانوں پر احسان کر کے عطا فرمایا ہے۔ خدا سب کو پڑھنے کی توفیق دے۔ آمین۔

درودِ امام شافعیؒ:

روضۃ الاحباب میں امام اسمٰعیل بن ابراہیمؒ مزنی سے جو امام شافعیؒ کے شاگرد تھے۔ نقل ہے کہ امام شافعیؒ کے انتقال کے بعد میں نے ان کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ ''اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا معاملہ کیا؟'' امام شافعیؒ نے فرمایا ''مجھے بخش دیا گیا۔'' پھر فرمایا: ''مجھ کو احترام کے ساتھ جنت میں پہنچا دیا گیا اور یہ سب کچھ اس درود شریف کی برکت سے ہوا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع میں علامہ سخاویؒ لکھتے ہیں کہ حضرت علامہ عبداللہ بن حکمؒ سے نقل ہے کہ میں نے امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟

امام صاحب نے فرمایا کہ میری مغفرت کر دی گئی، میرے لیے جنت ایسی سجائی گئی جیسے دُلہن کو سجایا جاتا ہے۔

میں نے پوچھا۔ ''یہ رتبہ کیسے ملا؟'' فرمایا کہ جو درود میں نے لکھا۔ اس کی برکت سے اور وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

احیاء العلوم میں مذکور ہے کہ ایک بزرگ ابوالحسن شافعیؒ کو خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی تو عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ امام شافعیؒ کو آپ کی بارگاہ سے کیا انعام ملا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ان کو ہماری جانب سے یہ انعام دیا گیا کہ انشاء اللہ بروز قیامت ان کو بلا حساب جنت میں داخل کیا جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

اُنھوں نے اپنی کتاب ''کتاب الرسالۃ'' میں یہ درود لکھا ہے:

درود شاہ ولی اللہؒ:

حضرت شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ تحریر فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد بزرگوار نے ان الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھنے کا حکم دیا:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

میں نے خواب میں حضور پرنور آقائے دو جہاں ﷺ کی خدمت اقدس میں یہ درود شریف پڑھا تو آقائے دو جہاں ﷺ نے اس درود کو پسند فرمایا:

درود صدقہ ہے:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے غصے کو ٹھنڈا نہیں کرتی سوائے صدقہ کے۔

لیکن اگر صدقہ دینے کی طاقت نہ ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی مسلمان کے پاس صدقہ دینے کے لیے کوئی چیز نہ ہو تو وہ اپنی دعا میں یہ درود پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

حضرت ابوہریرہؓ بھی یہ حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر یہ درود (اوپر والا) پڑھا کرو۔ اس لیے کہ یہ تمہارے لیے صدقہ ہے۔

ایک درود ہزار دن:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نزہت المجالس میں حدیث شریف منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ درود شریف صبح و شام پڑھے گا۔ تو ثواب لکھنے والے فرشتے ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے رہیں گے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْزِ مُحَمَّدً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاهُوَ اَهْلُهٗ

ایک آسان درود:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں۔
جو شخص یہ دعا کرے:

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ۔

ترجمہ: ''اے اللہ جزا دے محمد ﷺ کو ہم لوگوں کی طرف سے جس کے وہ مستحق ہیں۔''
اس دعا کا ثواب ستر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔ یعنی ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس آدمی کے لیے دعا مانگتے رہیں گے۔

رسول اللہ ﷺ کی زیارت اور حوض کوثر پر باریابی:

علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ صَلَّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَ عَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ۔

جو شخص یہ درود روح محمد ﷺ پر بھیجے گا وہ حضور اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھے گا۔ اسی طرح قیامت میں دیکھے گا کہ حضور اکرم ﷺ اس کی شفاعت فرمائیں گے اور وہ آپ کے حوض کوثر سے پانی پیئے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو دوزخ پر حرام فرمادے گا۔ انشاء اللہ۔

تریاق مجرب:

نزہت الجالس میں لکھا ہے کہ بعض صلحاء میں سے ایک صاحب نے عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین ابن ارسلانؒ کو جو بڑے زاہد اور عالم تھے۔ دیکھا اور ان سے اپنے مرض اور تکالیف کی شکایت کی۔ انہوں نے فرمایا تریاق مجرب سے کیوں غافل ہو؟ یہ درود شریف پڑھا کرو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ۔

معلوم ہوا کہ یہ درود شریف ایک ایسا علاج ہے جو لاعلاج مریضوں کو فائدہ پہنچاتا ہے اور وہ شفا یاب ہو جاتے ہیں۔ سبحان اللہ۔

درودِ خاص:

درود خاص کے فوائد لکھنا ناممکن ہے۔اس جگہ صرف اتنا لکھنا کافی ہوگا کہ کوئی بھی رنج یا پریشانی یا مصیبت آجائے تو صدق دل سے یہ درود پڑھنا چاہیے۔اس کی برکت سے ہر قسم کی مصیبتیں، تکلیفیں اور رنج وغم ختم ہو جاتے ہیں۔اس درود شریف کا پڑھنا اور تکلیفوں سے مخلصی یقینی بات ہے:

صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللهِ ط

ایک خزانہ ایک درود شریف:

ابوالفضل قومانیؒ کہتے ہیں کہ ایک شخص خراسان سے میرے پاس آیا اور بیان کیا کہ میں مدینہ پاک میں تھا۔میں نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔حضور ﷺ نے مجھ سے یہ ارشاد فرمایا جب تو ہمدان جائے تو ابوالفضل بن زیرک کو میری طرف سے سلام کہہ دینا۔میں نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ ان کا کونسا عمل مقبول ہوا؟ تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ وہ مجھ پر روز سو مرتبہ یا اس سے زیادہ یہ درود پڑھتا ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَى اللهُ مُحَمَّدً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَاهُوَ اَهْلُه۔

ابوالفضل کہتے ہیں کہ اس شخص نے قسم کھائی کہ وہ مجھے یا میرے نام کو حضور اقدس ﷺ کے خواب میں بتانے سے پہلے نہیں جانتا تھا۔

ایسے کئی واقعات اس زمانے میں بھی سنے گئے کہ حضور پرنور حضرت محمد ﷺ درود شریف پڑھنے والوں کو زیارت سے مشرف فرماتے ہیں اور بشارت دیتے ہیں۔نیز درود شریف کا جواب عنایت فرماتے اور خوشی کا اظہار فرماتے ہیں اور شفاعت کا وعدہ فرماتے ہیں۔

درود غوث الاعظمؒ:

یہ وہ درود شریف ہے جس پر حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اپنے اوراد و وظائف کو ختم کیا ہے۔مطالع المسرت میں مذکور ہے کہ اکابر اولیاء کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر روز صبح شام اس درود شریف کو دس مرتبہ پڑھے گا۔اللہ تعالیٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قرب وحضوری عطا فرمائے گا اور اس پر رحمتوں کا نزول بے حساب ہوگا اور وہ ہر برائی سے محفوظ رہے گا۔

یہ درود بڑا بابرکت ہے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل غیب سے آسان ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اس کا ورد کرتے رہتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً لَّاغَايَةَ وَلَامُنْتَهٰى وَلَا الْقِضَآءَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَمِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِثْلَ ذٰلِكَ۔

ترجمہ: الٰہی! رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن کا نور ساری مخلوق سے پہلے پیدا ہوا اور ان کا ظہور تمام کائنات کے لیے رحمت ٹھہرا شمار میں تمام اگلی اور پچھلی تیری مخلوق کے برابر اور ہر ایک نیک بخت اور بد بخت کی گنتی کے برابر ایسا درود جو شمار میں نہ آ سکے اور وہ تمام حدود کا احاطہ کرے جس درود کی نہ کوئی ابتداء ہو اور نہ انتہا اور نہ اختتام ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے دوام کے ساتھ اور ان کی اولاد اور اصحاب پر اور اسی طرح ان پر خوب خوب سلام نازل فرما:

يَـا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّااخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَكَرَّالْجَدِيْدَانِ وَاسْتَقَلَّ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَاَرْوَاحَ اَهْلِ بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَالسَّلَامَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَثِيْرًا۔

ترجمہ: الٰہی رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر جہاں تک رات دن آتے جاتے رہیں۔ رات کے بعد دن اور دن کے بعد رات آئے پھیرا کر کے اور تارے پھیرا کر کے آئیں۔ قطب شمالی کے آس پاس سے اور استقبال کرتے رہیں اور ہماری طرف سے آپؐ کی رُوح کو اور آپؐ کے خاندان کی روحوں کو تحیت اور برکت اور بہت سلام نازل فرما۔

درودِ دوامی:

(اس درود شریف کے پڑھنے کا ثواب اتنا ہے جیسے کسی شخص نے پوری دلائل الخیرات ختم کی۔ دلائل الخیرات عربی کی مشہور کتاب ہے جس میں سب درود جمع کیے گئے ہیں)۔

درود یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ۔

ترجمہ: الٰہی درود بھیج اُوپر سردار ہمارے محمد ﷺ کے اور اوپر آل سردار ہمارے محمد ﷺ کی گنتی اس کی تو جانتا ہے اور جب تک قائم رہے تیرے حکومت۔

زیارت حضور اقدس ﷺ:

کمال اتباع سنت وغلبہ محبت محمد مصطفیٰ ﷺ کی وجہ سے آپ کی زیارت آسانی سے ہو جاتی ہے اور یہ زیارت جنت کا پروانہ اور اللہ تعالیٰ کے رازوں کے انکشاف کی سند ہے۔

قول بدیع میں خود آقائے نامدار ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے جو شخص مجھ پر کثرت سے درود بھیجے گا وہ مجھے خواب میں دیکھے گا اور جو مجھے خواب میں دیکھے گا۔ میں اس کی شفاعت کروں گا۔ وہ میرے حوض سے پانی پیے گا اور اللہ جل شانہ، اس کے بدن کو جہنم پر حرام کر دے گا۔

حضرت ابوالقاسم بستیؒ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ جو شخص یہ ارادہ کرے کہ نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھے وہ یہ درود شریف پڑھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ

جو اس درود شریف کو طاق عدد کے موافق پڑھے گا وہ حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کرے گا۔

جو شخص جمعہ کے دن بعد از نماز جمعہ باوضو ایک پرچے پر محمد رسول اللہ ۳۵ بار لکھے اور اس کو اپنے ساتھ رکھے۔ اللہ جل شانہ اس کو قوت عطا فرمائے گا۔ اگر روزانہ طلوع آفتاب کے وقت درود شریف پڑھے

ہوئے غور سے دیکھتا رہے تو نبی کریم ﷺ کی زیارت خواب میں کثرت سے ہوا کرے گی۔

حضرت قطب ربانی، غوث صمدانی، محبوب سبحانی، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنی ایک معروف تصنیف میں لکھتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات کو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر ایک رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیت الکرسی پڑھے بعد میں ۱۵ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور نماز ختم کرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

تو انشاء اللہ تعالیٰ اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک وہ شخص اپنے نبی کریم حضرت محمد ﷺ کو خواب میں دیکھ لے گا۔

درود نورانی:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَالسِّرِّ السَّارِیِّ فِیْ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ۔

ترجمہ: اے اللہ درود وسلام اور برکت بھیج سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ پر نور ذاتی اور راز جاری میں تمام اسماء و صفات میں۔

حضرت سید احمد انصاری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ یہ درود شریف نورانی ہے اور ایک لاکھ درود کے برابر ہے، یعنی ایک مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک لاکھ درود کے برابر ہے۔ مصیبتوں کو دور کرنے کے لیے اس کو پندرہ سو کی تعداد میں پڑھا جائے۔ کئی عارفوں کو اس درود شریف سے بے شمار فوائد پہنچے ہیں۔

حضرت ابن عابدین رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ سب کیفیت اس درود شریف سے ملی ہے۔ میں نے اپنے مرشد عارف باللہ حضرت سید احمد بغدادیؒ سے اس کو حاصل کیا ہے میرے مرشد نے اس کی کئی عارفین سے نسبت بتائی ہے۔

حضرت شیخ احمد الملولؒ فرماتے ہیں۔ مجھ کو اس درود سے فائدہ پہنچا ہے۔ بیشک یہ درود شریف ایک لاکھ درودوں کے برابر ہے۔ مصائب دور کرتا ہے۔

اہل طریقت کا درود:

اگر کوئی شخص چاہتے کہ کم از کم وقت میں زیادہ ثواب حاصل کرلوں تو اس درود شریف کو پڑھے۔ اس کے ایک مرتبہ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ چودہ ہزار درودوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔

حضرت سید احمد انصاری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف مکمل درود اور اہل طریقت کے وظائف میں سے ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد اس کو برابر پڑھتے ہیں۔ثواب اس کا بے انتہا ہے

حضرت شیخ عبدالباقی الحنبلی رحمتہ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ اس دورودشریف کا ثواب بے حساب ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے (۱۴۰۰۰) چودہ ہزار درودوں کا ثواب حاصل ہوتا ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰہِ وَ کَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِہٖ۔

ترجمہ: اے اللہ، درود سلام و برکات بھیج ہمارے آقا سردار محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر اپنے کمالات کے برابر اور ایسا جو ان کے کمال کے لائق ہو۔

درود علامہ محمد زکریا:

دارقطنی کی ایک روایت میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر اسی مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے اسی سال کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ درود کس طرح پڑھا جائے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ انگلیوں پر شمار کیا جائے۔ نبی کریم ﷺ سے انگلیوں پر گننے کی ترغیب وارد ہوئی ہے اور ارشاد ہوا کہ انگلیوں پر گنا کرو، اس لیے کہ قیامت میں ان کو گویائی دی جائے گی۔

حضرت ابن عباسؓ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص یہ دعا کرتے:

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

ترجمہ: اللہ جل شانہ، جزا دے محمد ﷺ کو ہم لوگوں کی طرف سے جس بدلے کے وہ مستحق ہیں تو اس کا ثواب ستر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا:

حضرت ابو ہریرہؓ نے حضور پاک کا ارشاد نقل فرمایا ہے کہ تم جب بھی مجھ پر درود پڑھا کرو تو میرے لیے وسیلہ بھی مانگا کرو۔ کسی نے عرض کیا۔ وسیلہ کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا جنت کا اعلیٰ درجہ (مقام محمود) یہ بھی ایک درود ہے کہ جب نماز کی اذان سننے میں آئے تو نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا چاہیے۔یعنی یہ کہنا چاہیے کہ:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃِ الرَّفِیْعَۃِ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

ترجمہ: یا اللہ اس دعوت اتم اور نماز قائم کے صدقے محمد مصطفیٰ ﷺ کو بزرگی اور فضیلت عطا فرما اور قیامت کے دن مقام محمود عطا فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

مجرب ترین عمل:

جو شخص اس درود شریف کو (۲۱) اکیس دن عشاء کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے تو حضرت رسول اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

اس درود کی برکت کا یہ حال ہے کہ ایک بار حضور اکرم ﷺ نے ایک اعرابی کو جاتے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ کوئی شخص اس کو لاسکتا ہے! اصحابؓ جو جنگ بدر میں شامل تھے دوڑے اور اس اعرابی کو بلا لائے۔

حضور ﷺ نے فرمایا۔ اے اعرابی میں دیکھتا ہوں کہ فرشتوں کے مجمع کے سبب زمین پر تل دھرنے کی جگہ نہیں ہے۔ اس اعرابی نے جواب میں عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ میں نے آپ پر یہ درود پڑھا تھا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَايَبْقٰى مِنْ صَلٰوتِكَ شَيْئٌ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَايَبْقٰى مِنْ سَلَامِكَ شَيْءٌ وَّارْحَمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ رَّحْمَتِكَ شَيْءٌ ط

درودِ قدسی (بچوں کے لیے درود):

معصوم بچے آنکھ کا نور اور اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت بے بہا ہیں۔ یہ مستقبل کے مالک اور ہمارے ملک وملت کے معمار ہیں۔ اگر ان میں اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی محبت اور دین کی الفت نہیں ہوگی تو یہ کس طرح قوم کے سردار اور مسلمان کہلائیں گے۔ اس لیے آپ اپنے بچوں کو ہمیشہ نماز پڑھنے کی تاکید کریں اور کم از کم ایک آسان اور مختصر سے درود شریف کی تعلیم دیں۔ یہ بظاہر تو چھوٹا سا درود ہے۔ لیکن اس کے فضائل لامحدود اور اس کے اثرات حد سے زیادہ فائدہ بخش اور عجیب ہیں۔ یہ درود شریف درود قدسی کہلاتا ہے: درود قدسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

ایک اور خاص درود:

جو شخص صبح وشام یہ درود شریف پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہر تکلیف کو دور کرے گا اور اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔ قرض ادا ہوگا۔ روزی میں برکت ہوگی اور حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر وہ جو دلوں کے لیے حاکم اور علاج اور آنکھوں کے لیے نور اور روشنی کے برابر ہیں اور جسم کے لیے تندرستی اور شفاء کلی ہیں۔

دعا حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ:

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ دعا حضرت اویس قرنیؒ کی ہے جو شخص ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے گا۔ جان نکلنے کے وقت اللہ تعالیٰ اس کو اپنی پناہ میں رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ فِی النَّزْعِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ فِی الشَّيْبِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعِلَّةِ فِی الْغُرْبَةِ ط

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں جان نکلنے کے وقت کفر سے۔ تیری پناہ مانگتا ہوں۔ بڑھاپے میں محتاجی سے۔ میں پناہ مانگتا ہوں غریبی سے اور بیماری سے مجھے بچانا۔

درود شریف ثواب کثیر:

حضرت عبدالوہاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ نے میزان میں نقل فرمایا ہے کہ جو شخص اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھے گا۔ اتنا ثواب پائے گا کہ اگر ہزار فرشتے ستر دن تک یا ستر فرشتے ہزار دن تک اس کے ثواب کو لکھیں تو نہ لکھ سکیں گے۔ یہ درود شریف یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدِنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِمَا هُوَ اَهْلُه‘

اور ایک درود شریف کثیر الثواب یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ط

درود شریف برائے زیارت نبی کریم ﷺ:

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ زاد السعید میں تحریر فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ لذیذ تر اور شیریں تر خاصیت درود شریف کی یہ ہے کہ اس کی بدولت عشاق کو خواب میں حضور پرنور ﷺ کی دولت زیارت میسّر ہوئی ہے کتاب ترغیب اہل سعادتین میں لکھا ہے کہ شب جمعہ میں دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ بار قل ھو اللہ یعنی بعد سورۃ فاتحہ پڑھے اور بعد سلام سو بار یہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تین جمعے نہ گزرنے پائیں گے کہ زیارت رسول کریم نصیب ہوگی۔ وہ درود شریف یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ط

درود شفاء:

یہ درود شریف گیارہ بار پڑھ کر جس مریض پر دم کریں شفاء ہو۔ پیٹ کے امراض میں پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اختناق الرحم، باؤ گولا و دیگر ریاحی امراض اور دردوں میں ہیرا ہینگ پر دم کر کے گیہوں برابر ایک چمچہ گرم پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔

بے ہوش مریض کی ناک میں بھی دو قطرے ڈالیں فوراً ہوش آ جائے گا۔ درود یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَآئِمًا اَبَدًا ط

◆✠◆✠◆

برائے

مرحومی

پڑھنے والو

مرحومین کے

اللہ تعالیٰ انہیں ج

عطا فرمائے۔ بروزِ مح

کی شفاعت نص

ایصالِ ثواب
بزرگان
و
ن اُمّتِ مُسلمہ
ں سے گزارش ہے کہ
لیے دعائے مغفرت فرمائیں
نت الفردوس میں اعلیٰ مقام
شر خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
صیب فرمائے۔ (آمین)

برائے ایصالِ ثواب

بزرگان
و
مرحومینِ اُمّتِ مُسلمہ

پڑھنے والوں سے گزارش ہے کہ
مرحومین کے لیے دعائے مغفرت فرمائیں
اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام
عطا فرمائے۔ بروزِ محشر خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کی شفاعت نصیب فرمائے۔ (آمین)